Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
ملتان اسلام آباد
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی
جلد 14 | پیر 09 دسمبر 2024ء 06 جمادی الثانی 1446ھ 23 مگھر 2081ب قیمت 15 روپے | شمارہ 88

شام میں حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا، اقتدار سابق وزیراعظم کے حوالے

بشار الاسد کی فرار ہوتے ہلاکت کی خبریں

شامی جنگجوؤں نے شام کے شہر حمص پر مکمل کنٹرول کا اعلان کیا ہے جبکہ سینٹرل جیل پر قبضہ کر کے 3500 قیدیوں کو بھی رہا کر دیا، باغیوں نے صدر بشار الاسد کے پورٹریٹ پھاڑ دیئے جبکہ بشار الاسد کے والد کا مجسمہ بھی گرا دیا

بشار الاسد جس طیارے میں فرار ہوئے اس کا رابطہ ریڈار سے منقطع ہو گیا، ریڈار سے غائب ہونے سے قبل ایک غیر معمولی ٹرن لیا تھا' طیارہ ابتدائی طور پر شام کے ساحلی علاقے کی طرف بڑھا جو بشار الاسد کے علوی فرقے کا گڑھ ہے

دمشق (مانیٹرنگ ڈیسک) شام نے مسلح دھڑوں کی پیش قدمی کے ساتھ شامی حکومت کے سربراہ کے اعلان کے ساتھ شامی صدر بشار الاسد کی حکومت کا تختہ الٹ دیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق شام میں دھڑوں کی جامع کارروائی کی قیادت کرنے والے ھئیۃ تحریر الشام کے رہنما احمد الشارع نے اتوار کے روز کہا کہ سرکاری اداروں تک جانا ممنوع ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ سابق وزیراعظم کی نگرانی میں رہیں گے جب تک کہ انہیں باضابطہ طور پر اقتدار ان کے حوالے نہیں کیا جاتا۔ شام کے عبوری وزیراعظم محمد غازی الجلالی نے کہا کہ وہ گھر پر ہی رہیں گے اور ریاستی امور کے مسلسل انتظام کی حمایت کے لیے تیار ہیں۔ شامی صدر بشار الاسد کا 24 سالہ اقتدار ختم ہو گیا، شامی باغیوں نے دارالحکومت دمشق میں داخل ہونے کا دعویٰ کر دیا۔ غیر ملکی میڈیا (بقیہ نمبر 1)

دمشق، شام میں مسلح دھڑوں نے ایک ٹینک پر قبضہ کر رکھا ہے

قومی اسمبلی کا اجلاس منگل دس دسمبر کو طلب کر لیا گیا

دینی مدارس سے متعلق قانون سازی کا معاملہ بھی زیر غور آنے کا امکان ہے' پارلیمانی ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کا اجلاس منگل دس دسمبر کو طلب کر لیا گیا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے وزیراعظم شہباز شریف کی ایڈوائس پر اجلاس شام پانچ بجے طلب کیا۔ اجلاس میں معمول کا ایجنڈا زیر بحث آئے گا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق دینی مدارس سے متعلق قانون سازی کا معاملہ بھی زیر غور آنے کا امکان ہے۔

پاکستان کی عزت سب سے پہلے: وزیراعظم

چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے متعلق آپ کا موقف ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے، آئی سی سی میں آپ نے پاکستان کے 24 کروڑ عوام کی ترجمانی کی، پاکستان کی عزت سب سے پہلے ہے اور اس کے بعد کچھ اور ہے

شہباز شریف سے وزیر داخلہ و چیئرمین پی سی بی کی ملاقات، چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کی پیشرفت سے آگاہ کیا' پی سی بی پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کیلئے مکمل طور پر تیار، اچھی خبر سامنے آئیگی' محسن نقوی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے ملاقات کر کے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کی پیشرفت کے حوالے سے آگاہ کیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے چیمپئنز ٹرافی سے متعلق چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے اصولی (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے امداد کی پہلی کھیپ ملائشیا پہنچ گئی

امدادی سامان کی کھیپ ہائی کمشنر سید احسن رضا شاہ نے ملائیشیا کے حکام کے حوالے کی' دفتر خارجہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایات پر سیلاب سے متاثرہ افراد کیلئے امداد کی پہلی کھیپ ملائشیا پہنچ گئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق امدادی سامان کی کھیپ ہائی کمشنر سید احسن رضا شاہ نے ملائیشیا کے حکام کے حوالے کی۔ پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری (بقیہ نمبر 34)

وزیراعظم سے رانا ثناء اللہ کی ملاقات

ملک کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال

لاہور (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے مشیر وزیراعظم رانا ثناء اللہ نے ملاقات کی ہے۔ وزیراعظم آفس سے (بقیہ نمبر 32)

مریم نواز اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ 8 روزہ سرکاری دورے پر چین روانہ

مریم نواز شریف چین کا دورہ کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون وزیر اعلیٰ ہیں، سینئر وزیر سمیت کابینہ کے دیگر اراکین بھی ہمراہ روانہ ہوئے

وزیر اعلیٰ بیجنگ، شنگھائی، شن ژین، گوانگ ژو کے دورے، وزراء، اعلیٰ حکام، ماہرین سے ملاقاتیں، مختلف تقاریب میں بھی شریک ہوں گی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف 8 روزہ سرکاری دورے پر چین روانہ ہو گئیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چین کا دورہ کرنے والی پہلی پاکستانی خاتون وزیر اعلیٰ ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف 8 سے 15 دسمبر تک چین کا دورہ کریں گی۔ سینئر صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 2)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کا سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے سپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق کی ہمشیرہ کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم کی نواز شریف سے ملاقات، مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

شہباز شریف نے دورہ سعودی عرب سے متعلق آگاہ کیا، مدارس بل پر بھی اعتماد میں لیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے جاتی امراء رائے ونڈ میں ملاقات جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے صدر مسلم لیگ (ن) نواز شریف کو دورہ (بقیہ نمبر 3)

بانی پی ٹی آئی کی سول نافرمانی کی کال مضحکہ خیز ہے، ناکام ہو گی: عطا تارڑ

سول نافرمانی اور تشدد کی سیاست کو عوام رد کر چکے ہیں، انہیں پہلے بھی عوام نے رد کیا، جھوٹا نعرہ لگانے والے دم دبا کر بھاگ گئے تھے۔

اب اس ملک میں انتشار و فساد نہیں ہوگا قوم فسادیوں کے آگے سیسہ پلائی دیوار بن جائے گی' وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات کا خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی سول نافرمانی کی کال مضحکہ خیز ہے، ان کی سول نافرمانی کی کال ناکام ہو گی، سول نافرمانی اور تشدد کی سیاست کو عوام رد کر چکے ہیں، انہیں پہلے بھی عوام نے رد کیا، جھوٹا نعرہ لگانے والے دم دبا کر بھاگ گئے تھے، اب اس ملک میں انتشار و فساد نہیں ہوگا قوم فسادیوں کے آگے سیسہ پلائی دیوار بن جائے گی، پاک فوج نہ صرف دہشتگردی کے خاتمے کے لئے اپنی جانیں قربان کر رہی ہے بلکہ پوری قوم مل کر اس کو جڑ سے ختم کر دے گی، خیبر پختونخوا میں امن و امان کی مخدوش صورتحال ہے، نیشنل ایکشن پلان سے امن و عامہ بحال کریں گے، لطیف کھوسہ کہتے ہیں اگر 278 لاشیں ہیں تو ان کے گھر سے برآمد کر لیں، اب وہ بھاگ کیوں رہے ہیں، انہیں جھوٹی ویڈیو کا سہارا نہ لینا پڑتا علی امین گنڈا پور کی (بقیہ نمبر 31)

علیمہ کا دعویٰ مسترد، حکومت نے کبھی خان کی 20 دن میں رہائی کا وعدہ نہیں کیا: بیرسٹر گوہر

میرا 24 نومبر یا اس سے قبل کوئی رابطہ نہیں ہوا، حکومت سے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات پر کوئی بات نہیں ہوئی' میں نے نہ تو رہائی سے متعلق کوئی بات کی نہ ذکر کیا

دھرنا ختم کرنے کے بدلے بانی پی ٹی آئی کی 20 دن میں رہائی کی بات غلط ہے' چیئرمین پی ٹی آئی کی نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران علیمہ خان کے بیان پر ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے علیمہ خان کے بیان کی تردید کر دی۔ ایک انٹرویو میں ان سے سوال کیا گیا کہ علیمہ خان نے حکومت سے آپ کے مذاکرات کا ذکر کیا ہے، جس پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرا 24 نومبر یا اس سے قبل کوئی رابطہ نہیں ہوا، حکومت سے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات پر کوئی بات نہیں ہوئی۔ بیرسٹر گوہر سے سوال کیا گیا کہ علیمہ خان نے کہا کہ آپ نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے وقت بھی بتایا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ میں نے نہ تو رہائی سے متعلق کوئی بات کی نہ ذکر کیا، حکومت نے کبھی بھی بانی پی ٹی آئی کی 20 دن میں رہائی کا وعدہ نہیں کیا۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ دھرنا ختم کرنے کے بدلے بانی پی ٹی آئی کی 20 دن میں رہائی کی بات غلط ہے۔ واضح رہے کہ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کی بہن (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: ماحولیاتی مالیات محض ایک پالیسی ہدف نہیں انسانی حق ہے: جسٹس منصور

پاکستان نے COP29 میں تمام شعبوں کی نمائندگی کے ساتھ نمایاں کامیابی حاصل کی: رومینہ خورشید عالم

ماحولیاتی مالیات، نقصانات اور تلافی کے فنڈ ز اور نئے ہدف کا قیام اہم کامیابی ہے، ڈاکٹر عابد کا سیمینار سے خطاب

سیلاب، خشک سالی اور گلیشیئر ز کے پگھلنے جیسے شدید موسمی حالات کے مسائل بھی شامل ہو چکے ہیں

اسلام آباد (ساجد جتوئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ ماحولیاتی انصاف محض واضح آلودگی پھیلانے والوں تک محدود نہیں رہا بلکہ اس میں سیلاب، خشک سالی اور گلیشیئر ز کے پگھلنے جیسے شدید موسمی حالات کے مسائل بھی شامل ہو چکے ہیں۔ ماحولیاتی مالیات محض ایک پالیسی ہدف نہیں بلکہ یہ انسانی حق ہے جو حقِ زندگی سے براہ راست منسلک ہے۔ انہوں نے پاکستان میں ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات سے پیدا ہونے والے تنازعات کو حل کرنے کیلئے ان تنازعات کے حل کے متبادل مراکز اور خصوصی ماحولیاتی عدالتوں کے قیام کی بھی تجویز دی۔ انہوں نے حال ہی میں باکو میں اختتام پذیر ہونے والی COP29 کانفرنس میں پاکستان کے اہم اور مثالی کردار کی بھی تعریف کی۔ وہ یہاں پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (ایس ڈی پی آئی) کے زیر اہتمام "باکو سے پاکستان: COP29 کے بعد کی عکاسی" کے موضوع پر منعقدہ سیمینار سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے وزیراعظم کی معاون برائے ماحولیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم کو بھی ججز کے تاریخی وفد کی قیادت پر مبارکباد دی۔ جسٹس منصور علی شاہ نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان واحد ملک تھا جس کی نمائندگی عدلیہ کی قیادت میں ہوئی، اور عالمی ججز نیٹ ورک نے بھی اعتراف کیا کہ ماحولیاتی چیلنجز کے حل میں عدالتی نقطہ نظر کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ انہوں نے ماحولیاتی انصاف اور انسانی حقوق کے درمیان گہرے تعلق کو واضح کرتے ہوئے کہا کہ آلودگی سے متعلق مقدمات عموماً عدالتوں میں تعزیری کارروائیوں کے ذریعے نمٹائے جاتے رہے ہیں لیکن اب ہم ایک نئے تناظر کا مشاہدہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے COP29 کے دوران ماحولیاتی مالیات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ماحولیاتی مالیات محض ایک پالیسی ہدف نہیں بلکہ یہ انسانی حق ہے جو حقِ زندگی سے براہ راست منسلک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماحولیاتی نقصانات کی تلافی کے لئے مالی وسائل تک فوری رسائی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اپنی تقریر کا اختتام اس پیغام کے ساتھ کیا کہ زمین کو استحصال کی شے نہیں بلکہ ایک ایسی برادری سمجھا جائے جس کا ہم سب حصہ ہیں۔ وزیراعظم کی معاون برائے ماحولیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم نے کہا کہ پاکستان نے COP29 میں نمایاں کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام شعبے، بشمول عدلیہ، اس کانفرنس میں شریک تھے، جو ماحولیاتی مسائل کے حل میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے COP29 کے دوران پاکستان کی سرگرم موجودگی کو ترقی پذیر ممالک کے اتحاد کے لئے ایک سنگِ میل قرار دیا۔ ایس ڈی پی آئی کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر عابد قیوم سلہری نے ماحولیاتی اقدامات کو آگے بڑھانے کیلئے قیادت کے مواقع سے فائدہ اٹھانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ COP اجلاسوں کی کامیابی متوازن سمجھوتوں پر مبنی ہوتی ہے انہوں نے ماحولیاتی مالیات، نقصانات اور تلافی کے فنڈ ز اور نئے ہدف کے قیام کو اہم قرار دیا۔ اس موقع پر آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف، جسٹس جواد حسن، ڈاکٹر صادقہ ستّی اور دیگر ماہرین نے بھی COP29 کے دوران پاکستان کے کردار اور ماحولیاتی انصاف کے لئے مشترکہ کوششوں کی

ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار کی جامع مسجد اندرون مرکزی امام بارگاہ ٹوبہ علاقہ تھانہ سٹی ٹوبہ میں کھلی کچہری

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ٹوبہ ٹیک سنگھ عبادت نثار نے سی ایم پنجاب مریم نواز اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب جناب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کیساتھ مضبوط روابطہ قائم کرنے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری۔ ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار نے جامع مسجد اندرون مرکزی امام بارگاہ ٹوبہ علاقہ تھانہ سٹی ٹوبہ میں بعد نماز جمعہ عوام والناس کے مسائل سننے اور انہیں حل کرنے کیلئے کھلی کچہری لگائی کھلی کچہری میں مقامی افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار نے سائلین کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لیے موقع پر ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام والناس کے ساتھ براہ راست رابطہ استوار کرنا ہے کھلی کچہری سے پولیس عوام رابطے میں بہتری پیدا ہوتی ھے ڈی پی او ٹوبہ کھلی کچہری میں عوام الناس کے مسائل سن کران کے حل کے لیے موثر اقدامات کیے جاتے ھیں اور عوام الناس کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ ڈی پی او عبادت نثار کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے لیے تمام ایس ڈی پی اوز کی جانب سے بھی ضلع بھر کی مختلف مساجد میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا شہریوں سے براہِ راست تعلقات مضبوط بنا رہے ہیں۔ ڈی پی او ٹوبہ عبادت نثار

لاہور، ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی کینٹ اویس شفیق کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کر دیا گیا۔ چوکی انچارج گلدشت ٹاؤن محمد رضوان کی پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے خفیہ اطلاع پر دوران چیکنگ بدنام زمانہ منشیات فروش جمیل منشیات سمیت گرفتار کر لیا ملزم جمیل سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برامد کر لی۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق نے کہا کہ ملزم کا تعلیمی اداروں، ہوسٹلز، کالجز کے اطراف میں نوجوان نسل کو منشیات بیچنے کا اعتراف کیا جس پر مقدمہ درج کر لیا گیا ملزم کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے انٹیلی جنس بیسڈ کاروائیاں جاری ہیں۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق کی چوکی انچارج گلدشت ٹاؤن محمد رضوان اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق نے کہا کہ نوجوان نسل اور طلباء کے مستقبل کو تباہ و برباد کرنے والے منشیات فروشوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائیگا۔

کرائم فائٹر نڈر اے ایس آئی ناصر خان ظفروال چوکی پنڈی بوہڑی تعینات۔

نارووال (این این آئی) تفصیلات کے مطابق ڈی پی او نارووال ملک نوید صاحب نے ضلع بھر کے تھانوں کے ایس ایچ اوز کے تبادلے کرتے ہوئے تھانہ ظفروال کی چوکی پنڈی بوہڑی میں کرائم فائٹر نڈر اے ایس آئی ناصر خان کو تعینات کر دیا ناصر خان اے ایس آئی کا کہنا ہے کہ جب تک چوکی پنڈی بوہڑی تعینات رہوں گا میرے ٹارگٹ میں جرائم پیشہ افراد کی لسٹ میں پہلے نمبر پر منشیات فروش ہوں گے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور وفد کا بیجنگ ایئرپورٹ پہنچنے پر پرتپاک استقبال کیا جا رہا ہے

بشریٰ بی بی کو کوئی چھوڑ کر نہیں گیا، ان سمیت سب بھاگ گئے تھے: خواجہ آصف

سول نافرمانی تب کامیاب ہوتی ہے جب عوام کا انحصار ریاست پر نہ ہو، اب ریاست عوام کو ہر چیز مہیا کر رہی ہے، نجی ٹی وی سے گفتگو

ریاست عوام کو ہر چیز مہیا کر رہی ہے، اس سے قبل بھی بانی پی ٹی آئی نے دھرنے میں بل جلایا تھا، تب بھی کسی نے عمل نہیں کیا تھا' وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں ہونے والے دھرنے میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو کوئی چھوڑ کر نہیں گیا بلکہ ان سمیت سب بھاگ گئے تھے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ سول نافرمانی ناکام ہو جائے گی، سول نافرمانی تب کامیاب ہوتی ہے جب عوام کا انحصار ریاست پر نہ ہو، اب ریاست عوام کو ہر چیز مہیا کر رہی ہے، اس سے قبل (بقیہ نمبر 30)

بارش برسانیوالا سسٹم پاکستان میں داخل

پنجاب میں بارش اور برفباری کا امکان

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ موسمیات کے مطابق مغربی ہواؤں کا ایک طاقتور سلسلہ (بقیہ نمبر 29)

وزیراعظم کی رکن قومی اسمبلی رضا حیات ہراج کی رہائشگاہ آمد، والد کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی رکن قومی اسمبلی رضا حیات ہراج کی رہائشگاہ آمد، والد کے انتقال پر اظہار افسوس (بقیہ نمبر 23)

دمشق میں پاکستان کا سفارتی عملہ مکمل طور پر محفوظ

دمشق (آئی این پی) شام کی موجودہ صورت حال کے پیش نظر پاکستانی حکام نے کہا ہے کہ دمشق میں پاکستان کا سفارتی عملہ مکمل (بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ معذور شخص کو دیکھ اس کے ساتھ زمین پر بیٹھ گئے، ویل چیئر فراہم کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے اپنے حلقہ انتخاب کا دورہ کیا۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ بہار کالونی میں معذور شخص کو دیکھ اس کے ساتھ زمین پر بیٹھ گئے (بقیہ نمبر 21)

اسپیکر قومی اسمبلی کی ہمشیرہ محترمہ انتقال کر گئیں

ڈپٹی اسپیکر اور قومی اسمبلی کے اعلیٰ افسران اور عملے کا اسپیکر قومی اسمبلی سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسپیکر قومی اسمبلی کی ہمشیرہ محترمہ انتقال کر گئیں۔ ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اور قومی اسمبلی کے اعلیٰ افسران اور عملے کا اسپیکر قومی اسمبلی سے اظہار تعزیت کیا ہے۔ ایک پیغام میں ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ اور قومی اسمبلی کے افسران اور عملے نے اسپیکر (بقیہ نمبر 28)

صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے سرجیکل انسٹرومنٹس مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کرانے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں

انتخابات جماعتی بنیادوں پر ہوں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بلدیاتی ایکٹ منظور کر لیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے گزشتہ روز لوکل گورنمنٹ ایکٹ منظور کر لیا جسے دسمبر کے مہینے میں منظوری کے لئے پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے مئی کے مہینے میں پنجاب بھر میں بلدیاتی انتخابات کرانے کے لئے اپنی (بقیہ نمبر 27)

پی ٹی آئی احتجاج کے دوران فیک نیوز کی بھرمار، عالمی ادارے کی تحقیقاتی رپورٹ جاری

اسد قیصر کو پی ٹی آئی چیئرمین بنانے سے متعلق جعلی خبریں بریکنگ نیوز بنیں، پمز اور پولی کلینک ہسپتال میں سینکڑوں لاشوں کی جعلی خبروں کے منفی اثرات ہوئے

بغیر تصدیق کے خبروں کے پھیلاؤ سے پاکستان کا عالمی سطح پر چہرہ مسخ ہوا، فیک نیوز کے سدباب سے متعلق ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے، فیک نیوز واچ ڈاگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے اسلام آباد میں ہونے والے احتجاج کے دوران عالمی ادارے فیک نیوز واچ ڈاگ نے تحقیقاتی رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق پی ٹی آئی احتجاج سے چلنے والی من گھڑت خبروں نے تباہ کن کردار ادا کیا، بغیر تصدیق کے خبروں کے پھیلاؤ سے پاکستان کا عالمی سطح پر چہرہ مسخ ہوا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ وزیر داخلہ سے منسوب آزاد کشمیر کے شہریوں سے متعلق خود ساختہ اور خطرناک بیان زیر گردش رہا (بقیہ نمبر 26)

سنڈے سپیشل

دنیا بھر میں زیرِ زمین سونے کی غیر قانونی کانیں

جنوبی افریقہ کی کان کنی کی صنعت طویل عرصے سے مقامی اور غیر ملکی شہریوں کے لیے روزگار کا ایک بڑا ذریعہ رہی ہے تاہم تین دہائیوں سے اس کے زوال کے بعد لاکھوں بے روزگار کان کنوں نے گینگز کے لیے متروکہ کانوں میں کام کرنا شروع کر دیا ہے، جنوبی افریقہ سے تعلق رکھنے والے 52 سالہ ڈومیسو اپنے جیسے تقریبا 600 غیر قانونی طور پر کان کنی کرنے والے کان کنوں کے ساتھ زیر زمین ایک پر خطر زندگی بسر کر رہے ہیں۔ تاہم یہاں زیر زمین صرف کانیں نہیں ہیں بلکہ یوں کہیے کہ یہاں ایک چھوٹا سا شہر بستا ہے جہاں کانوں میں باقاعدہ بازار بھی آباد ہیں اور یہاں تک کہ جسم فروشی بھی کی جاتی ہے۔ زیر زمین سونے کی ان کانوں میں بسے ایسے شہروں کو خطرناک جرائم پیشہ گینگز چلا رہے ہیں۔ ردعمل کے خوف سے اصل نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر ڈومیسو نے بتایا کہ زیر زمین زندگی بہت بے رحم ہے۔ اکثر لوگ یہاں آ کر زندہ واپس نہیں لوٹتے۔ کان کی ایک تہہ میں صرف لاشیں اور ڈھانچے پڑے ہیں۔ ہم اسے زمہ زمہ کا قبرستان کہتے ہیں۔ ڈومیسو نے بتایا کہ کان کنی کی ایک رجسٹرڈ فرم نے جب ان کی نوکری ختم کر دی تو انھوں نے دوسری نوکری ڈھونڈنے کی انتھک کوشش کی۔ تاہم غربت کا مقابلہ کرتے کرتے 20 برس گزر گئے لیکن ان کے حالات نہ بدلے۔ پھر آٹھ سال قبل انھوں نے سونے کی ایک متروکہ کان میں ایک گینگ کے لیے کام کرنا شروع کر دیا۔ یہ کان ماضی میں کان کنی سے منسلک ایک رجسٹرڈ کمپنی کی ملکیت تھی۔ جنوبی افریقہ میں غیر قانونی طور پر کان کنی کرنے والوں کو زمہ زمہ کہتے ہیں۔ ڈومیسو تقریبا تین مہینے لگاتار زیر زمین ہی رہتے ہیں اور اپنی مدد آپ کے تحت گینگ کے لیے سونا کھود کر نکالتے ہیں۔ ڈومیسو جیسے غیر قانونی کان کن اس کام سے اچھا خاصہ پیسہ کما لیتے ہیں۔ ہر تین ماہ بعد جب ڈومیسو کان سے باہر زمین پر آتے ہیں تو اپنی محنت سے کھودے ہوئے سونے کا کچھ حصہ بلیک مارکیٹ میں بیچ کر ایک زبردست منافع کما لیتے ہیں۔ دن بھر کان میں مشقت کر کے وہ خود تو رات کو ایک بوری بچھا کر سوتے ہیں لیکن ان کی فیملی ملک کے دارالحکومت جوہانسبرگ میں واقع ان کے گھر میں آرام دہ زندگی بسر کر رہی ہے۔ بات کرتے ہوئے انھوں نے بتایا کہ یہ گھر انھوں نے غیر قانونی کان کنی کر کے خریدا تھا۔ ایک کمرے کا یہ گھر خریدنے کے لیے انھوں نے 1 لاکھ 30 ہزار رینڈ یعنی تقریبا سات ہزار ڈالر نقد ادا کیے تھے جبکہ اب اسی گھر میں توسیع کر کے انھوں نے مزید تین کمرے تعمیر کر لیے ہیں۔ گذشتہ آٹھ سالوں سے غیر قانونی کان کنی کرنے کے بعد ڈومیسو اب اس قابل ہیں کہ وہ اپنے تینوں بچوں کو نجی سکولوں میں تعلیم دلوا رہے ہیں جبکہ ان کی ایک بیٹی یونیورسٹی بھی جا رہی ہے۔ ڈومیسو نے بتایا کہ مجھے اپنے بیوی بچوں کا خیال رکھنا ہے اور انھیں ایک اچھی زندگی دینے کا مجھے یہی ایک طریقہ سمجھ آتا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ ایمانداری سے روزی روٹی کمانے کے لیے انھوں نے سالوں اچھی نوکری کی تلاش کی لیکن ناکام رہے۔ تاہم ان کے مطابق وہ چوریاں اور لوٹ مار جیسے جرائم کرنے کے بجائے زیر زمین محنت کرنے کو ترجیح دیتے ہیں، جو بذات خود ایک غیر قانونی کام ہے۔ ڈومیسو جوہانسبرگ سے 145 کلومیٹر دور واقع سٹل فونٹین نامی ایک چھوٹے سے علاقے میں واقع ایک کان میں کام کرتے ہیں۔ حال میں یہی کان عالمی توجہ کا مرکز بنی جب وفاقی وزیر خمبڑ سوچوانی نے وعدہ کیا کہ وہ زیر زمین کان میں دھواں مار کر یہاں بسے سینکڑوں غیر قانونی کان کنوں کو نکال دیں گی۔ انھوں نے یہ بھی بتایا کہ حکام ایسے اقدامات لے رہے جن کی بدولت ان زیر زمین شہروں میں کھانے پینے اور دیگر اشیائے ضروریہ نہ پہنچ سکیں۔ وزیر کے مطابق کہ مجرموں کی مدد نہیں کرنی بلکہ انھیں ستانا ہے۔ مقامی پولیس کے مطابق یہ کان دو کلومیٹر گہرائی میں واقع ہے۔ اس بارے میں عدالت نے ایک عبوری فیصلہ جاری کیا ہے کہ کان کنوں کو خوراک اور دیگر ضروری سامان پہنچایا جا سکتا ہے۔

ڈومیسو دو کلومیٹر زیر زمین اسی کان کی ایک شافٹ میں کام کرتے ہیں۔ تاہم اس تنازع کے شروع ہونے سے ایک ماہ قبل وہ یہاں سے باہر آئے تھے۔ اب ڈومیسو انتظار کر رہے ہیں کہ صورتحال میں جو بھی تبدیلی آئے گی اسی کی بنیاد پر وہ واپس جانے کا فیصلہ کریں گے۔ یہ تنازع تب کھڑا ہوا جب حکومت کی جانب سے غیر قانونی کان کنی کے خلاف کریک ڈاون شروع ہوا کیونکہ اس صنعت پر مافیا گینگز حاوی ہو چکے ہیں۔ پارلیمانی کمیٹی برائے معدنی وسائل کے چیئرمین میکا ٹیکو مالولے نے بتایا کہ ملک کئی سالوں سے غیر قانونی کان کنی کے مسئلے سے دوچار ہے۔ کان کنوں کی کمیونٹی کو ریپ، لوٹ مار اور انفراسٹرکچر کے نقصان جیسے جرائم کا خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے۔ جنوبی افریقہ کے صدر سیرل رامافوسا نے کہا کہ کان ایک کرائم سین بن گیا ہے لیکن پولیس غیر قانونی کان کنوں کو گرفتار کرنے کے بجائے تنازع کو ختم کرنے کے لیے ان کے ساتھ بات چیت کر رہی تھی۔ انھوں نے مزید کہا کہ قانون نافذ کرنے والے حکام کے پاس معلومات ہیں کہ کچھ کان کن بھاری ہتھیاروں سے لیس ہو سکتے ہیں۔ یہ تو سب کو معلوم ہے کہ جرائم پیشہ گروہ غیر قانونی کان کنوں کو بھرتی کرتے ہیں اور اس طرح انھیں وسیع تر منظم جرائم کا حصہ بنا رہے ہیں۔ ڈومیسو ان لاکھوں کارکنوں میں شامل ہیں جو گذشتہ تین دہائیوں سے جنوبی افریقہ کی کان کنی کی صنعت کے زوال سے متاثر ہیں۔ ان کان کنوں میں ہمسایہ ممالک جیسے لیسوتو کے کان کن بھی شامل ہیں جو اب زمہ زمہ بن کر ان متروکہ کانوں میں غیر قانونی طور پر کام کر رہے ہیں۔ جنوبی افریقہ کے ایک محقق ڈیوڈ وین ویک جو اس صنعت کا مطالعہ کر چکے ہیں بتاتے ہیں کہ ملک میں اس طرح کی تقریبا چھ ہزار متروکہ کانیں ہیں۔ بات کرتے ہوئے انھوں نے بتایا کہ یہ کانیں بڑی سطح پر صنعتی کان کنی کے لیے منافع بخش نہیں ہیں لیکن چھوٹی سطح پر اس میں بہت فائدہ ہے۔ ڈومیسو بتاتے ہیں کہ جب وہ بطور ڈرِل آپریٹر ایک سونے کی کان کنی کرنے والی کمپنی میں نوکری کر رہے تھے تو انھیں ماہانہ 220 ڈالرز سے بھی کم تنخواہ ملتی تھی۔ سنہ 1996 میں ان کی نوکری اچانک ختم کر دی گئی جس کے بعد



انھوں نے 20 سال کسی اچھی نوکری کی تلاش کی لیکن ناکام رہے۔ محقق ڈیوڈ وین ویک کا کہنا ہے کہ ملک میں اس طرح کہ لاکھوں کان کن ہیں جبکہ صرف 36 ہزار تو ملک کی معیشت کی دھڑکن سمجھے جانے والے صوبے گوتنگ میں ہی موجود ہیں۔ گوتنگ وہی صوبہ ہے جہاں 19 ویں صدی میں پہلی بار سونا دریافت ہوا تھا۔ بین الاقوامی منظم جرائم کے خلاف عالمی اقدامات کی مہم چلانے والے گروہ کی رپورٹ کے مطابق زمہ زمہ مہینوں زیر زمین رہتے ہیں اور باہر سے آنے والی خوراک اور ضروری سامان پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ بہت خطرناک اور محنت والا کام ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ان میں سے کئی کان کن اپنے پاس پستول، چھوٹی بندوق اور سیمی آٹومیٹک ہتھیار رکھتے ہیں تاکہ دشمن گروہ کے کان کنوں سے اپنی حفاظت کر سکیں۔ بات کرتے ہوئے ڈومیسو نے بتایا کہ ان کے پاس بھی ایک پستول ہوا کرتی تھی تاہم وہ اپنے گینگ کو ماہانہ آٹھ ڈالر کی ادائیگی کرتے تھے تاکہ ان کی حفاظت کی جا سکے۔ انھوں نے بتایا کہ گینگ کے مسلح گارڈز ان کی 24 گھنٹے حفاظت کرتے تھے، خاص طور پر لیسوتو سے تعلق رکھنے والے گینگز سے جو اپنے اسلحے کی طاقت کی وجہ سے مشہور ہیں۔ ڈومیسو نے بتایا کہ سونا تلاش کرنے کے لیے چٹانوں کو توڑنے کے لیے وہ بارود کا استعمال کرتے تھے۔ اس کے علاوہ دیگر آوزار بھی استعمال کرتے تھے جیسا کہ کلہاڑی، بیلچہ اور چھینی وغیرہ۔ جو بھی سونا انھیں ملتا تھا وہ اپنے گینگ لیڈر کو دے دیتے تھے جو انھیں ہر دو ہفتے کے کم از کم 1100 ڈالر دیتا ہے۔ ڈومیسو نے بتایا کہ انھیں سونے کا کچھ حصہ بھی دیا جاتا ہے جسے بلیک مارکیٹ میں فروخت کر کے وہ اوپری کمائی بھی کر لیتے ہیں۔ ڈومیسو خود کو ان خوش قسمت کان کنوں میں شمار کرتے ہیں جو اس طرح کام کر پا رہے ہیں، انھوں نے بتایا کہ زیادہ تر کان کن اغوا کیے گئے ہیں اور یہاں غلامی میں مزدوری کرنے پر مجبور ہیں۔ انھیں نہ ہی کوئی معاوضہ ملتا ہے نہ ہی سونا۔ ڈومیسو نے بتایا کہ وہ لگاتار تین ماہ کان میں رہتے ہیں۔ پھر سونا فروخت کرنے اور اپنی فیملی کے ساتھ وقت گزارنے کے لیے دو سے چار ہفتوں کے لیے کان سے باہر آتے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ جب وہ زیر زمین ہوتے ہیں تو اپنے بستر میں سونے اور گھر کا کھانا کھانے کے خواب دیکھتا ہوں۔ صاف ہوا میں سانس لینا ایسا لگتا ہے جیسے کوئی عجیب سی طاقت مل گئی ہو۔ وہ کان سے باہر زیادہ وقت نہیں گزارتے کیونکہ انھیں خدشہ ہوتا ہے کہ کوئی ان کی جگہ نہ چھین لے۔ تاہم تین ماہ بعد جب ان کا کان میں دم گھٹنے لگتا ہے تو انھیں باہر آنا ہی پڑتا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ ایک بار جب وہ کان سے باہر آئے تھے تو انھیں سورج کی روشنی اتنی تیز لگی کہ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ اندھے ہو گئے ہیں۔ ایک مرتبہ تو ان کی جلد کا رنگ اتنا پھیکا پڑ گیا تھا کہ ان کی بیوی انھیں ڈاکٹر کے پاس لے گئیں۔ انھوں نے کہا کہ میں نے ڈاکٹر کو سب سچ بتا دیا کہ میں کہاں رہتا ہوں۔ ڈاکٹر نے کچھ نہیں کہا، بس میرا علاج کیا اور مجھے وٹامن کی گولیاں تجویز کر دیں۔ لیکن ڈومیسو کان سے باہر آنے کے بعد صرف آرام نہیں کرتے بلکہ دیگر غیر قانونی کان کنوں کے ساتھ مل کر معدنیات سے بھری چٹانوں کو دھماکے سے اڑا کر اس کا پوڈر بھی بناتے ہیں۔ ایک عارضی پلانٹ پر اس پوڈر کو دھویا جاتا ہے اور اس میں خطرناک کیمیکل جیسے پارا اور سوڈیم سائنائڈ ملا کر اس میں سے سونا الگ کیا جاتا ہے۔ ڈومیسو کہتے ہیں کہ وہ اپنے حصے کا سونا فی گرام 55 ڈالر میں فروخت کرتے ہیں جبکہ اس کی سرکاری قیمت 77 ڈالر فی گرام کے قریب ہے۔ انھوں نے بتایا کہ سونا خریدنے کے لیے ان کے پاس ایک گاہک ہیں جن سے وہ واٹس ایپ کے ذریعے رابطہ کرتے ہیں۔ پہلے مجھے ان پر اعتبار نہیں تھا کیونکہ میں ان سے پہلی بار مل رہا تھا۔ اس لیے میں نے انھیں پولیس سٹیشن کی کار پارکنگ میں بلایا کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ وہاں میں محفوظ ہوں۔ اب میں کسی بھی کار پارکنگ میں ان سے مل لیتا ہوں۔ ہمارے پاس وزن کرنے والی ایک مشین ہے۔ ہم ہاتھوں ہاتھ سونے کا وزن تولتے ہیں اور میں انھیں وہ سونا دے دیتا ہوں۔ بدلے میں وہ مجھے نقد ادائیگی کرتے ہیں۔ ڈومیسو نے بتایا کہ اس طرح وہ 3800 ڈالرز سے لے کر 5500 ڈالرز تک کما لیتے ہیں۔ یہ رقم انھیں ہر تین ماہ بعد ملتی ہے یعنی اوسطا ان کی سالانہ کمائی 15 ہزار 500 ڈالر سے لے کر 22 ہزار ڈالر کے درمیان ہے۔ یہ سالانہ کمائی اس تنخواہ سے کہیں زیادہ ہے جو انھیں قانونی کان کنی کر کے 2700 ڈالرز کی شکل میں ملتی تھی۔ ڈومیسو یہ تو نہیں جانتے کہ گینگ لیڈرز کتنا کماتے ہیں لیکن انھیں اتنا ضرور معلوم ہے کہ ان سے تو بہت زیادہ کماتے ہیں۔ اپنے گاہک کے بارے میں ان کے پاس زیادہ معلومات نہیں ہیں سوائے اس کے کہ وہ ایک سفید فام آدمی ہے جو کسی غیر قانونی صنعت میں ملوث ہے جس میں ہر نسل اور طبقے کے لوگ شامل ہیں۔ محقق ڈیوڈ وین ویک کا کہنا ہے کہ حکومت کان کنوں کو نشانہ بنا رہی ہے جبکہ جو بادشاہ ہیں وہ جوہانسبرگ اور کیپ ٹاون کے سرسبز نواحی علاقوں میں آزادی سے زندگی گزار رہے ہیں۔ جبکہ ملک کے صدر رامافوسہ کا کہنا ہے کہ غیر قانونی کان کنی سے ملک کی معیشت کو برآمدات میں اربوں ڈالر کا نقصان ہو رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کان کنی کی فرمز کے ساتھ کام کرتی رہے گی تاکہ متروکہ کانوں کو صحیح طریقے سے بند کرنے یا بحال کرنے کو یقینی بنایا جا سکے۔ تاہم محقق وین ویک کا کہنا ہے کہ اگر حکومت غیر قانونی کان کنوں کے پیچھے پڑی رہے گی تو ملک کا معشی بحران مزید بڑھ جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ غیر قانونی کان کنی کو قانونی حیثیت دے کر کان کنوں کو بہتر طریقوں سے منظم بنانے کی کوئی پالیسی ہونی چاہیے۔ ڈومیسو بتاتے ہیں کہ جب وہ زیر زمین کام کرنے واپس جاتے ہیں تو اپنے ساتھ ٹن کے ڈبوں میں پیک کھانے لے جاتے ہیں تاکہ وہاں بسے بازاروں سے انھیں مہنگی قیمتوں میں کھانے پینے کی اشیا نہ خریدنی پڑے۔ انھوں نے بتایا کہ کھانے پینے کی اشیا کے علاوہ ان بازاروں میں کان کنی کے آوزار سمیت سگریٹ، ٹارچ اور بیٹریاں بھی ملتی ہیں۔ یہ بات اس چیز کی نشاندہی کرتی ہے کہ وقت کے ساتھ ساتھ یہاں ایک چھوٹا سا قصبہ بس گیا ہے۔ ڈومیسو کے مطابق یہاں ایک ریڈ لائٹ ڈسٹرکٹ بھی بن گئی ہے جہاں گینگز سیکس ورکرز لے آتے ہیں۔ ڈومیسو نے بتایا کہ جس کان میں وہ کام کرتے تھے وہ کئی سطحوں پر مشتمل تھی۔ اس کی سرنگیں آپس میں ایسے جڑی ہوئی تھیں جیسے کوئی بھول بھلیاں ہو۔ انھوں نے بتایا کہ سرنگیں شاہراہوں کی طرح بنی ہوئی ہیں جن میں مختلف مقامات اور سطحوں کی نشاندہی کے لیے سائن بورڈ نصب ہیں، جیسے بیت الخلا کی سطح یا وہ سطح جسے ہم زمہ زمہ کا قبرستان کہتے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ کچھ کان کن اپنے اوپر بڑے بڑے پتھر گرنے کی وجہ سے کچل کر مر جاتے ہیں جبکہ کچھ دشمن گینگز کے ارکان کے ہاتھوں مارے جاتے ہیں۔ میرا ایک دوست بھی اسی طرح قتل ہوا جب اس کا سونا چھین کر اس کے سر میں گولی مار دی گئی۔ اگرچہ زیر زمین زندگی خطرناک ہے لیکن یہ ایک ایسا خطرہ ہے جسے ڈومیسو جیسے ہزاروں لوگ مول لینے کے لیے تیار ہیں۔ ان کا کہنا ہے اس کا متبادل صرف یہی ہے کہ ایک ایسے ملک میں غریب رہ کر جیئیں اور مریں جہاں بے روزگاری کی شرح 30 فیصد سے بھی زیادہ ہے۔ (ادارے کا مضمون نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں)۔

پاکستانی بندرگاہوں کی اہمیت

عبدالغفور کھتری

آشاں کا ساگر کبھی شانت نہ رہ سکا۔ بے انت تمناں اور ارمانوں کے سنگ ریزے اس ساگر میں ہلچل کا کارن بنتے رہتے ہیں۔ اور شاید ان گنت صدیوں پر مشتمل اسی ہلچل کے بطن سے وجود پانے والی اضطراری کیفیت نے جنگلوں میں رہ کر فقط شکار پر گزارا کرتے ہوئے خوب سے خوب تر کی تلاش میں بھٹکتے انسان کو رفتہ رفتہ زرعی ماحول سے آشنا کر دیا۔ اس آشنائی نے تو گویا اس کے جیون کی دھارا ہی بدل دی۔ اب اس نے اپنی پسند کی مطلوبہ اجناس اگانے کا گر سیکھ لیا۔ دھرتی کی پیداواری جبلت نے بھی اپنی گود وا کی، تو یہ اجناس اس کی ضرورت سے زیادہ اگنے لگیں۔ اب اس فاضل پیداوار کو اس نے معاشرے کے دیگر ہنرمندوں سے بارٹر سسٹم سے بدلنے کا گر آزمایا۔ یوں کچھ اور صدیاں بیتنے پر زراعت کے ساتھ جب ہنرمندوں کے دست ہنر سے وجود میں آنے والی اشیا کا حجم [illegible] تھیں۔ راحتوں کے رسیا انسان کے دھیرے دھیرے ان ست رنگیوں کے عادی ہونے پر سمندری راستے سے تجارت پروان چڑھنے لگی۔ تجارتی اشیا سے لدے یہ سفینے جب منزل انداز ہونے کے لیے کسی گہرے ساحل پر رکتے، تو وہ کنارہ اور اس سے ملحق قصبہ بندرگاہ کے نام کا جھومر اپنے ماتھے پر سجا کر گویا ممتاز ہو جاتا۔ بندرگاہوں کے حامل کئی شہر اس تجارت کی بنیاد پر اپنی خصوصی شناخت دنیا بھر میں منا رہے تھے۔ روم، یونان، مصر اور سندھ کے ساحلوں پر ملنے والے قدیم بندرگاہوں کے آثار سمندر کے راستے اسی بین الاقوامی تجارت کا عندیہ دیتے ہیں۔ ہ معروف بندرگاہیں اپنے طور پر کئی المیے بھی سہتی آئی ہیں۔ کبھی شر کی فطرت سے معمور جنگجو لٹیرے قبائل ان بادبانی جہازوں پر مال تجارت کے بجائے جنگی ہتھیار لاد کر نکلتے اور بندرگاہ کے حامل کسی خوش حال بستی پر آنا فانا قیامت ڈھا دیتے۔ اور کبھی کوسوں دور سے آئی غیر ملکی [illegible] ہو جاتی ہیں، بلکہ وہاں تشکیل پایا تمدن ریزہ ریزہ ہو کر بکھر جاتا ہے۔ لاہڑی بندر اور بھنبھور کی بندرگاہوں سے سمندر اسی طور روٹھ گیا۔ گو کہ یہ تبدیلی ارضیاتی و موسمی تغیر کی بنا پر ہی ظہور پذیر ہوئی۔ بھنبھور کی بندرگاہ پر تو آج بھی انتظامی امور کے شکستہ دفاتر کی کچھ نشانیاں موجود ہیں، جو ویران آنکھوں سے دور گئے سمندر کو حسرت سے تکتی رہتی ہیں۔ اسی طرح صحرائے تھر کے قریب بہنے والے دریائے ہاکڑا اور دریائے سرسوتی کا پانی ان سے کیا روٹھا کہ ان کے آس پاس جنم لینے والی قدیم تہذیب بھی ڈوب گئی۔ کیسے کیچوکے دے رہا [illegible] تھیں۔ معروف تاریخ داں ایچ ٹی لمبرک نے AARIAN کے حوالے سے سکندر اعظم کی فوج کے بحری بیڑے کو جو کمانڈر نیارکس کے زیر کمانڈ تھا، کے دریائے سندھ کے دہانے سے گزر کر سمندر میں داخل ہو جانے کے بعد کا سفری احوال بیان کیا ہے۔ اس احوال میں کیماڑی کے ساتھ کراچی کے کچھ ساحلی علاقوں کے نام بھی ہیں۔ احوال اس طرح ہے۔ ایک سو پچاس کشتیوں پر مشتمل بحری بیڑا بحیرہ عرب میں داخل ہونے کے بعد KiLLATA جزیرے کا چکر کاٹ کر پہلے کاروکالا جزیرہ اور (پھر BiBAKTA منوڑہ (جزیرہ پہنچا تھا۔ [illegible] ہوئی۔ کیپٹن سعید علی محیط میں رقم طراز ہیں کہ بحیرہ عرب میں جب تمہیں محسوس ہونے لگے کہ تمہارا جہاز جا سک (ایک ایرانی بندرگاہ) کی طرف سمندری گرداب کی جانب جا رہا ہے تو تم اسے اس گرداب فنا سے بچانے کی کوشش کرو اور اپنے جہاز کو ساحل مکران سے یا تو گوادر بندرگاہ کی طرف لے جاؤ یا پھر بندرگاہ کراشی (کراچی) میں پناہ لو، تاکہ تم جاسک میں غرق ہونے سے بچ سکو، اور سمندری گرداب سے نجات حاصل کرو۔ صدیوں کا سفر طے کرتے ہوئے اس بندرگاہ اور اس سے ملحق شہر کو قدامت کی ایک اور سند عطا ہوئی۔ وہ [illegible] رہے ہیں، بلکہ اس سے ملحق شہر کراچی کی قدامت کو بھی آشکار کر رہے ہیں۔ اور بتا رہے ہیں کہ یہ شہر تاریخ کے دھندلکوں سے اچانک نہیں ابھرا، بلکہ مختلف زمانوں میں یہ مختلف انداز میں سامنے آتا رہا ہے۔ ان دنوں دریائے سندھ گھارو سے ہوتا ہوا ابراہیم حیدری کے قریب سمندر میں گرتا تھا۔ دریا کے سمندر میں گرنے کے قریب گزری، واگودر، ریڑھی، ابراہیم حیدری اور رتو کوٹ جیسی سرگرم بندرگاہیں موجود تھیں۔ پھر صدیوں بعد دریائے سندھ کے پیچھے ہٹ جانے سے قریب ہی موجود سمندر ان علاقوں میں چڑھ دوڑا۔ سرگرم [illegible] اور جغرافیائی پوزیشن کو پرتگالی، فرانسیسی اور برطانوی سمجھ چکے تھے۔ اور بندرگاہ سے آگے کھلے سمندر میں ان یورپی طاقتوں کے بحری بیڑے سندھ پر قبضے کے لیے نظریں گاڑے بیٹھے تھے، بس وہ موقع کی تاک میں تھے۔ اور 2 فروری 1839 کو یہ سنہری موقع انگریزوں نے حاصل کر لیا۔ قبضے کے بعد انگریزوں نے اس گوہر نایاب کو تراش، سنوار کر نہ صرف اس کی تجارتی حیثیت بحال کی بلکہ بندرگاہ سے ملحق شہر کے ترقیاتی امور پر بھی توجہ دی۔ انگریز انتظامیہ نے بندرگاہ پر ترقیاتی کاموں کا آغاز کر دیا۔ سب سے پہلی ضرورت شہر سے کیماڑی جزیرے تک آسان رسائی تھی۔ برآمدی اشیا کو کیماڑی جزیرے تک پہنچانے یا کیماڑی پر آنے والے درآمدی مال کو کشتیوں کے ذریعے جونا بندر (پرانی بندرگاہ) یعنی موجودہ نیٹو جیٹی تک لانا لے جانا دقت طلب امر تھا۔ جب کبھی پانی اتر جاتا تو کشتیاں تیرنے جتنا پانی بھی نہ بچتا، اب ناچار سامان کو کندھوں پر اٹھا کر دلدلی [illegible] نقصان نہ پہنچائیں۔ اس کے تدارک کے لیے ابتدا میں تالپور حکمرانوں نے 1786 میں اور بعد میں انگریزوں نے 1888 میں کیماڑی کے قریب منوڑہ جزیرہ پر لائٹ ہاس تعمیر کروایا۔ دنیا بھر میں بندرگاہوں کو طوفانی لہروں سے بچانے کے لیے برتھوں سے کچھ دور سمندر میں کنکریٹ کی دیوار تعمیر کی جاتی ہے۔ لہذا یہاں بھی اسی ٹیکنک پر عمل کیا گیا۔ اور منوڑہ کے قریب اس کام کا آغاز کر دیا گیا۔ 1829 میں بریک واٹر کی دیوار کی تعمیر کا آغاز کیا گیا۔ 1874 میں اس کی تکمیل پر لوگوں نے سمندر کی موجوں کو اس دیوار سے ٹکراتے اور ان کا زور ٹوٹتے دیکھا۔ ان کے علاوہ مختلف برتھوں کی تعمیر بھی بندرگاہ کی ترقی کی باعث بنتی رہی۔ سکندری جنت، مورن ٹو بارا سے ہوتے صدیوں کا سفر طے کرتے دربو، کروکالا، واگودر کے بھنور میں ڈوبتے ابھرتے اپنوں اور بیگانوں کے وار سہتے یہ بندرگاہ اور یہ شہر پوری توانائی کے ساتھ آج دنیا کے نقشے پر موجود [illegible]

☆☆☆

بقیہ جات 1

کے مطابق شامی صدر بشار الاسد دمشق چھوڑ کر نامعلوم مقام پر منتقل ہوگئے، بشار الاسد کے صدارتی محافظ بھی ان کی معمول کی رہائش گاہ پر تعینات نہیں ہیں جس کے باعث ان قیاس آرائیوں کو تقویت ملتی ہے کہ بشار الاسد فرار ہوچکے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کی جانب سے دعویٰ کیا جارہا ہے کہ شامی جنگجوؤں نے شام کے شہر حمص پر مکمل کنٹرول کا اعلان کیا ہے جبکہ سینٹرل جیل پر قبضہ کرکے 3500 قیدیوں کو بھی رہا کردیا، باغیوں نے صدر بشار الاسد کے پورٹریٹ پھاڑ دیئے جبکہ بشار الاسد کے والد کا مجسمہ بھی گرا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شامی کردوں نے دیرالزور کا کنٹرول سنبھال کر اپنا جھنڈا لہرا دیا اور صدر بشار الاسد کی فوج کو شہر چھوڑنے پر مجبور کیا، سیکڑوں فوجیوں اور سرکاری افسران نے عراق میں پناہ لے لی۔ دوسری جانب جنگجو لیڈر محمد الجولانی نے کہا ہے کہ شام میں حالیہ بغاوت کا مقصد صدر بشار الاسد کی حکومت کو گرانا ہے، شامی حکومت کا خاتمہ قریب ہے، ہتھیار پھینکنے والے سرکاری فوجیوں کو عام معافی دی جائے گی۔ شام کے صدر بشار الاسد جس طیارے میں ملک سے فرار ہوئے اس کا رابطہ ریڈار سے منقطع ہوگیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق شام کے صدر بشار الاسد کے بارے میں شبہ ہے کہ وہ ایک طیارہ حادثے میں ہلاک ہوگئے۔ رائٹرز کی خبروں کے مطابق ملک سے فرار ہونے کے بعد ان کے طیارے نے ریڈار سے غائب ہونے سے قبل ایک غیر معمولی ٹرن لیا تھا۔ فلائٹ ریڈار ویب سائٹ کے اعداد و شمار کے مطابق شامی ایئر کا ایک طیارہ اس وقت دمشق ایئرپورٹ سے روانہ ہوا جب باغیوں نے دارالحکومت پر قبضہ کیا۔ یہ طیارہ ابتدائی طور پر شام کے ساحلی علاقے کی طرف بڑھا جو بشار الاسد کے علوی فرقے کا گڑھ ہے لیکن پھر اچانک مڑ گیا۔ ریڈار سے غائب ہونے سے پہلے کئی منٹوں تک طیارہ مخالف سمت میں پرواز کرتا رہا۔ رائٹرز فوری طور پر اس خبر کی تصدیق سے قاصر ہے کہ جہاز میں کون تھا۔ تاہم شام میں دو ذرائع نے بتایا کہ اس بات کا بہت زیادہ امکان ہے کہ بشار اسد ہوائی جہاز کے حادثے میں ہلاک ہوگئے۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ یہ ایک معمہ تھا کہ طیارے نے اچانک یوٹرن کیوں لیا اور ریڈار سے غائب ہوگیا۔

بقیہ جات 2

مریم اورنگزیب، وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ زاہد بخاری، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر، وزیر زراعت عاشق کرمانی سمیت اعلیٰ سطح وفد بھی ان کے ہمراہ دورے پر روانہ ہوا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف بیجنگ، شنگھائی، شن ژین اور گوانگ ژو کے دورے کریں گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چین کے وزراء، اعلیٰ حکام اور ماہرین سے بھی ملاقاتیں کریں گی۔ مریم نواز شریف چین میں مختلف ملاقاتیں، تقاریب اور کانفرنس میں بھی شرکت کریں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو چین کی حکمران جماعت کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی طرف سے دورہ چین کی دعوت دی گئی تھی۔

بقیہ جات 3

سعودی عرب سے متعلق آگاہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے نواز شریف کو مدارس بل پر بھی اعتماد میں لیا۔ دونوں رہنماؤں نے جاتی امراء میں والدین کی قبروں پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی۔

بقیہ جات 4

ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سوگوار خاندان سے ہمدردی و تعزیت کا اظہار کیا اور صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ جات 5

علیمہ خان نے کہا تھا کہ حکومت نے بیرسٹر گوہر کو کہا تھا کہ سنگجانی میں بیٹھ جائیں، بانی پی ٹی آئی کو رہا کردیں گے۔ انہوں نے کہا تھا کہ قافلے پہنچ گئے تو حکومت دباؤ کا شکار ہوگی، لوگ احتجاج کے لیے آنا شروع ہوئے تو حکومت خوف زدہ ہوکر بیرسٹر گوہر کو بلایا تھا۔ علیمہ خان کا کہنا تھا کہ حکومت نے دباؤ میں آکر بیرسٹر گوہر کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے جیل بھجوایا، حکومت نے کہا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو 20 دن کے اندر رہا کردیا جائے گا۔

بقیہ جات 6

مرحومہ کی نماز جنازہ کرومانٹ روڈ گلبرگ جنازگاہ میں ادا کی گئی۔ قاری محمد اقبال چشتی نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، سید توصیف شاہ، شاہد جیلانی، کرنل (ر) محمد یوسف سمیت اعلیٰ سرکاری حکام، سیاسی شخصیات اور لیگی کارکنان کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ مرحومہ کو گرومانگٹ قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، سابق وزیراعلیٰ حمزہ شہباز شریف سمیت دیگر نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ہمشیرہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے بلندی درجات کی دعا کی۔

بقیہ جات 7

کی طلب اور رسد کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے بورڈ اجلاس دوبارہ ہوگا، جس میں آذربائیجان کی پیش کش کی منظوری دی جائے گی۔ دوسری جانب اس اقدام نے سرکاری حلقوں میں بہت سے لوگوں کو حیرت میں ڈال دیا ہے کیونکہ ایک جانب حکومت مقامی پروڈیوسرز سے سپلائی کم کرنے کو کہہ رہی ہے اور سسٹم میں گیس کی بھرمار کی وجہ سے قطر کی طرف سے سستی ایل این جی کی ترسیل کو بھی 2026 تک موخر کردیا ہے۔ واضح رہے کہ بجلی کی طلب میں کمی کی وجہ سے اس وقت ملک میں گیس کی فراوانی ہوچکی ہے، جس کی وجہ سے حکومت نے قطر سے گیس منگوانے کو موخر کررکھا ہے اور مقامی پیداوار میں بھی کمی کی ہوئی ہے، پی ایل ایل کے ایک بورڈ ممبر نے اعتراض کرتے ہوئے کہا کہ مقامی پیداوار میں کمی کرکے مہنگی ایل این جی امپورٹ کرنے پر وضاحت کی ضرورت ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت ایل این جی آذربائیجان کی سرکاری آئل کمپنی سے خریدے گی، جس کے لیے پیر کی شام کو بولی لگائی جائے گی، واضح رہے کہ سوئی ناردرن گیس پائپ لائن لمیٹڈ نے جنوری میں کم از کم ایک کارگو منگوانے کی درخواست کی ہے۔ پاکستان اپنی بجلی کی پیداوار کا ایک تہائی حصہ گیس سے پیدا کرتا ہے، لیکن مہنگی بجلی اور سولر پینل جیسے متبادل کے فروغ سے بجلی کی طلب میں 8 فیصد کمی ہوئی ہے، اگر امپورٹ کی گئی یہ گیس گھریلو صارفین کو دی جاتی ہے تو اس سے صارفین کیلئے ٹیرف میں اضافہ ہوگا، اسی وجہ سے SNGPL کیپٹو پاور پلانٹس کو گیس سپلائی منقطع کرنے کی آئی ایم ایف کی شرط کی مخالف تھی

بقیہ جات 8

باعث سیکڑوں پاکستانی زائرین شام میں پھنس گئے۔ بشار الاسد کے ملک سے فرار ہونے کے بعد باغی ملیشیا حیات التحریر الشام نے سرکاری عمارتوں اور ایئر پورٹس کا کنٹرول سنبھال لیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایئر پورٹ کی بندش کے باعث شام میں تقریباً 250 پاکستانی زائرین پھنس کر رہ گئے ہیں۔ کنٹری ہیڈ شام ونگز طارق سمیع اللہ نے بتایا کہ باغیوں نے ملک پر قبضے کے بعد ایئر پورٹ بند کردیا ہے، ہماری آج لاہور کیلئے پرواز منسوخ ہوئی ہے۔ طارق سمیع اللہ کے مطابق 11 دسمبر کی کراچی کیلئے فلائٹ بھی کینسل ہے۔ زائرین نے بتایا کہ شام ونگز کے تحت ایئر لائنز کا شیڈول واضح نہیں، دمشق کے علاقے سیدہ زینب میں ہوائی فائرنگ کے باعث زائرین میں خوف و ہراس پھیل گیا۔

بقیہ جات 9

جس کے باعث مال بردار ٹرینیں 30 سے 40 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہیں۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ کوئٹہ تفتان ریلوے سیکشن کو اپ گریڈ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اپ گریڈیشن پر 700 ملین ڈالر لاگت کا تخمینہ ہے۔

بقیہ جات 10

مقدمے میں جوڈیشل مجسٹریٹ نے وزیراعظم کے سیاسی مشیر رانا ثنا اللہ کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کردیئے۔ اس مقدمے میں پہلے ہی سابق وزیر خرم دستگیر، سٹی صدر سلمان خالد، ایم پی اے عمران خالد بٹ بری ہوچکے ہیں۔ پولیس کی جانب سے 173 کی رپورٹ عدالت میں جمع کروائی گئی جس میں رانا ثناء اللہ کو بے گناہ قرار دیا تھا تاہم عدالت نے رپورٹ مسترد کردی۔ پولیس کی جانب سے مقدمے کا چالان بھی تاخیر سے جمع کروایا گیا تھا۔ بعد ازاں عدالت نے مقامی پولیس کو رانا ثناء اللہ کو گرفتار کرکے 12 دسمبر کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ واضح رہے کہ رانا ثناء اللہ پر کنٹینر ہٹا کر پولیس اہلکاروں پر گاڑی چڑھانے کا الزام ہے جس کا مقدمہ پولیس کی مدعیت میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ جات 11

میں منعقدہ ایلومینائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ ہماری حکومت نے ملک میں توانائی، موٹرویز اور ٹیکنالوجی کے بڑے منصوبے مکمل کیے، پاکستان کو ایٹمی طاقت بنایا، ملکی تاریخ میں ہمارے دور حکومت میں جتنی سرمایہ کاری آئی اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر ملک میں سیاسی اختلافات ہوتے ہیں لیکن کوئی بھی ملک قومی مفاد کو نقصان پہنچانے کیلئے بیرون ملک اپنی بدنامی نہیں کرتا، ہمیں ایک قوم بن کر چلنا اور اختلافات کو ختم کرکے ترقی کی طرف بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے قیام کے پیچھے ایک معاشی وژن تھا لیکن 77 سال گزرنے کے باوجود ہم اس وژن کو حقیقت میں تبدیل نہ کرسکے، ہمسایہ ممالک سے موازنہ کرتے ہوئے ہمیں اپنی ترقی کی رفتار کو بہتر بنانا ہوگا، پاکستان میں نہ تو صلاحیت کی کمی ہے اور نہ ہی ذہانت کی لیکن ہمیں مثبت سوچ کے ساتھ آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں 2047 کا ہدف رکھ کر اپنی حکمت عملی بنانی ہوگی، جس ملک میں سیاسی انتشار اور دھرنے ہوں، پالیسیوں کا تسلسل نہ ہو وہ ملک ترقی نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان باصلاحیت اور محنتی ہیں اور انجینئرز کا ملک کی تعمیر و ترقی میں کلیدی کردار ہے۔ اگر ایک انجینئر پاکستان کو ایٹمی طاقت بنا سکتا ہے تو وہ ملک کو دنیا کی پہلی دس معاشی طاقتوں میں بھی شامل کرسکتا ہے۔

بقیہ جات 12

نے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب سماعت کریں گے۔ عدالت نے 12 دسمبر کے لیے بشریٰ بی بی کو بھی نوٹس جاری کررکھے ہیں جبکہ ایف آئی اے نے بشریٰ بی بی کے ضمانت منسوخی کی استدعا کر رکھی ہے۔ ایف آئی اے درخواست کے مطابق بشریٰ بی بی ضمانت کی رعایت کا غلط استعمال کر رہی ہے اور عدالت کے سامنے پیش نہیں ہو رہی۔ استدعا کی گئی کہ عدالت بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت منسوخ کرے۔

بقیہ جات 13

محمد احمد خان نے ملاقات کی۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور صوبہ پنجاب کے امور پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ جات 14

نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کے بیان کی تردید کردی۔ ایک انٹرویو میں ان سے سوال کیا گیا کہ علیمہ خان نے حکومت سے آپ کے مذاکرات کا ذکر کیا ہے جس پر بیرسٹر گوہر نے کہا کہ میرا 24 نومبر یا اس سے قبل کوئی رابطہ نہیں ہوا، حکومت سے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے بارے میں کوئی بات نہیں ہوئی۔ بیرسٹر گوہر سے سوال کیا گیا کہ علیمہ خان نے کہا کہ آپ نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لیے وقت بھی بتایا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ میں نے نہ تو رہائی سے متعلق کوئی بات کی نہ ذکر کیا، حکومت نے کبھی بھی بانی پی ٹی آئی کی 20 دن میں رہائی کا وعدہ نہیں کیا۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ دھرنا ختم کرنے کے بدلے بانی پی ٹی آئی کی 20 دن میں رہائی کی بات غلط ہے۔ واضح رہے کہ لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان نے کہا تھا کہ حکومت نے بیرسٹر گوہر کو کہا تھا کہ سنگجانی میں بیٹھ جائیں، بانی پی ٹی آئی کو رہا کر دیں گے۔ انہوں نے کہا تھا کہ قافلے پہنچ گئے تو حکومت دباؤ کا شکار ہوگی، لوگ احتجاج کے لیے آنا شروع ہوئے تو حکومت خوف زدہ ہوکر بیرسٹر گوہر کو بلایا تھا۔ علیمہ خان کا کہنا تھا کہ حکومت نے دباؤ میں آکر بیرسٹر گوہر کو بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے لیے جیل بھجوایا، حکومت نے کہا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو 20 دن کے اندر رہا کردیا جائے گا۔

بقیہ جات 15

دائر انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چوہدری محمد اقبال کی سربراہی میں دو رکنی بینچ وفاقی حکومت کی اپیل پر سماعت کرے گا۔ وزارت داخلہ نے وفاقی حکومت کی وساطت سے سنگل بینچ کے فیصلے کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل دائر کررکھی ہے۔ دو رکنی بینچ چیئرمین نادرا لیفٹیننٹ جنرل منیر افسر کی تعیناتی کالعدم قرار دینے کا فیصلہ معطل کرچکا ہے۔ عدالت عالیہ کے سنگل بینچ نے چیئرمین نادرا کی تعیناتی کو کالعدم قرار دے دیا تھا جس کے خلاف وزارت داخلہ نے وفاقی حکومت کی وساطت سے انٹرا کورٹ اپیل دائر کی۔

بقیہ جات 16

ہمیں چوڑا کو کہا گیا، بانی پی ٹی آئی کہتا ہے اسٹیبلشمنٹ سے بات کروں گا، آپ کو بتانا ہے جمہوری اور سیاسی لوگ سیاسی لوگوں سے بات چیت کرتے ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے ضلعی نائب صدر خضر ریحان، چوہدری افتخار بھٹی اور تنظیم الاخوان کے مرکزی رہنما حاجی قاری رمضان سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو بھارت اور اسرائیل سمیت وہ ممالک سپورٹ کررہے ہیں جن کا مقصد ہی پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے، ہم پہلے دن سے کہہ رہے ہیں عمران خان کا ایجنڈا اپنا نہیں نہ ہی ملک وقوم کیلئے ہے، ان کا ایجنڈا غیر ملکی ایجنڈا ہے جو سب پر عیاں ہوچکا ہے، پاکستان کی حالت پر اس کو رحم نہیں آرہا، جلاؤ گھیراؤ، گالم گلوچ، خون خرابہ ان کی سیاست کا محور ہے۔ انہوں نے کہا 2014ء سے اب تک بانی پی ٹی آئی نے جلسے جلوسوں مرجاؤ، ماردو کی سیاست کے علاوہ کچھ کیا ہے تو بتائیں؟ آج ملک جن مسائل سے دوچار ہے اسی کا کیا دھرا ہے، اب سول نافرمانی کی باتیں کررہے ہیں، یہ جان لیں قوم ان کا چہرہ پہچان چکی اور ان کے بہکاوے میں نہیں آئے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ قومی حکومت کی بازگشت ہوتی رہتی ہے، ملک کی معیشت اس وقت مستحکم ہے، ہم اسمبلیوں میں ڈٹ کر بیٹھے ہیں، حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا عمران خان نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے کشمیر کا مسئلہ بھی اس نے خراب کیا، ادھر یہ شخص ٹرمپ کو ملا دوسری طرف مودی نے کشمیر ضم کرلیا مگر اس کے باوجود وزیراعظم شہباز شریف یو این او سمیت تمام عالمی فورمز پر کشمیر کا مقدمہ لڑ رہے ہیں کہ کشمیر کی عوام کو حق خود ارادیت ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن کو مطمئن کیا جارہا ہے جب وہ وزیر تعلیم تھے اس وقت مدارس کا بل پاس کرلیا گیا، اب بھی کوئی ایشو نہیں، مولانا فضل الرحمٰن کو مطمئن کرلیا جائے گا۔

بقیہ جات 17

عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز اپنی جانیں قربان کر کے وطن کی حفاظت یقینی بنارہی ہیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ ان ماؤں کو سلام جو اپنے بیٹے پاکستان پر قربان کررہی ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ شہداء کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ حمزہ شہباز شریف نے کہا کہ ان شاء اللہ قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ مل کر دہشتگردی کا قلع قمع کرے گی۔

بقیہ جات 18

واحد مجاز اتھارٹی تسلیم کی گئی، رجسٹریشن نہ کرانے والے مدارس کو بند کرنے کا مشترکہ فیصلہ کیا گیا تھا، قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی پر رجسٹریشن منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ مدارس کو بینکوں میں اکاؤنٹ کھولنے کا پابند کیا گیا اور غیر ملکی طلباء کو تعلیم حاصل کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔ معاہدے میں یکساں نصاب کے اہداف طے کیے گئے اور معاہدہ تعلیمی اصلاحات کے لیے کیا گیا، حکومت نے مالی امداد اور وسائل کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی تھی۔

بقیہ جات 19

بنیادوں پر ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں گے۔ علی امین خان گنڈا پور کی زیر صدارت ڈی آئی خان میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق اجلاس ہوا جس میں اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ڈی آئی خان کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام کے جاری منصوبوں کے تحت ان شعبوں میں ڈی آئی خان میں 19 بڑے منصوبوں پر کام جاری ہے، جن کی لاگت 70 ارب روپے ہے، اور رواں مالی سال کے بجٹ میں 6.1 ارب روپے مختص ہیں، اب تک 724 ملین روپے جاری کئے گئے ہیں۔ صوبائی سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ڈی آئی خان کے 25 نئے اہم منصوبے شامل کئے گئے ہیں، ان منصوبوں کی کل لاگت 23.8 ارب روپے ہے جن کے لئے رواں مالی سال کے بجٹ میں 1.4 ارب روپے مختص ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا رواں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت ڈی آئی خان میں 12 ترجیحی منصوبے شارٹ لسٹ کئے گئے ہیں، ان منصوبوں میں گرلز کیڈٹ کالج کا قیام، پشاور انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے سیٹلائٹ سنٹر، برن سنٹر، کیتھ لیب، فلائی اوورز کی تعمیر، گرلز کامرس کالج کا قیام، تعلیمی بورڈ کے لیے نئی عمارت کی تعمیر، ٹانک اڈہ کی منتقلی بھی ان 12 منصوبوں میں شامل ہے، بریفنگ میں بتایا گیا گومل زام ڈیم کے واٹر کورسز کی تعمیر، ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ پلان، اور کھیلوں کے منصوبے بھی ان ترجیحی منصوبوں کا حصہ ہیں، فلائی اوورز کی تعمیر کے لیے 357 ملین روپے ریلیز کردیے گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے ان منصوبوں پر پیشرفت کی مجموعی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو عوامی فلاح و بہبود کے ان منصوبوں پر مقررہ ٹائم لائنز کے مطابق عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور نے کہا کہ صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی منصوبے شروع کئے جائیں گے، ضم اضلاع اور دیگر پسماندہ اضلاع کو ترقیاتی منصوبوں میں ترجیح دی جائے گی، عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر سے گریز کیا جائے۔

بقیہ جات 20

رپورٹس کے مطابق شام میں عسکریت پسندوں کے دارالحکومت دمشق میں داخل ہونے اور صدر بشار الاسد کے مبینہ ملک سے فرار ہونے کے بعد شامی اپوزیشن کا جھنڈا ایتھنز میں موجود شامی سفارت خانے پر لہرایا گیا۔ یونان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی اے این اے کے مطابق 3 افراد سفارت خانے میں داخل ہوئے اور انہوں نے عمارت پر جھنڈا لہرایا۔ بعد ازاں، افسران کو جائے وقوعہ پر بھیجا گیا اور تین افراد کو حراست میں لے لیا گیا۔ ایک شخص کو سفارت خانے کی بالکونی میں الاسد کی تصویر پکڑے اور ڈکٹیٹر کا نعرہ لگاتے ہوئے بھی دیکھا گیا۔ شامی جو 1970 میں الاسد کی حکومت کے قائم ہونے کے بعد یونان فرار ہو گئے تھے جشن منانے کے لیے سفارت خانے آئے تھے جبکہ یونان میں شامی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے ایک سینئر اہلکار کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ کیا گیا کہ 24 ملین شامی ساری رات نہیں سوئے۔ 2015 کی بڑے پیمانے پر نقل مکانی کی لہر میں دسیوں ہزار شامی یونان فرار ہو گئے تھے۔ یونانی وزارت کے مطابق 15000 سے زائد شامیوں کے پاس یونان میں رہائش کے اجازت نامے ہیں۔

بقیہ جات 21

اور اس کی مزاج پرسی کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ کی جانب سے معذور شخص کے لئے ویل چیئر فراہم کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ معذور شخص کی جانب سے عطاء اللہ تارڑ کا شکریہ ادا کیا گیا۔

بقیہ جات 22

طور پر محفوظ ہے، پاکستان انٹرنیشنل اسکول کے اساتذہ اور عملہ بھی محفوظ ہے۔ حکام نے شام میں رہنے والے تمام پاکستانیوں کو انتہائی محتاط رہنے کی ہدایت ہے۔ شام کی موجودہ صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے ہنگامی صورتحال میں پاکستانی سفارتخانے کے نمبرز دے دیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 23

کیا۔ وزیراعظم کی مرحوم کے لیے دعائے مغفرت کی اور مرحوم کے اہل خانہ کے لیے صبر و استقامت کی دعا بھی کی۔ #/s#

بقیہ جات 24

ہیں اور ہاتھ مروڑ کر بھی، ہمیں سب کا مینڈیٹ تسلیم کرنا ہوگا، روز لاشیں گرانا دھرنے اور ناانصافی اب پاکستان برداشت نہیں کرسکتا

سینیٹر فیصل واوڈا ایم کیو ایم کے مرکزی آفس بہادر آباد کراچی پہنچے جہاں انہوں نے ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے ملاقات کی۔ اس موقع پر مصطفیٰ کمال نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ فیصل واوڈا وِن آرمی ہیں ہر طرف چھائے ہوئے ہیں، پاکستان کو جوڑنے اور سیاسی قوتوں کو ایک جگہ لانے کا کام بڑی سیاسی جماعتوں کی قیادت سے نہیں ہوا، یہ کام اکیلے فیصل واوڈا کررہے ہیں، ان کی پوری تائید اور سپورٹ کرتے ہیں، ان کے لیے جو کردار ادا کرسکیں گے کریں گے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کے پاس جانے کا قومی مقصد ہے، مصطفیٰ کمال اور میری یکساں فطرت ہے، پیار سے بھی کام کرانا جانتے ہیں اور ہاتھ مروڑ کر بھی، ہمیں سب کا مینڈیٹ تسلیم کرنا ہوگا، روز لاشیں گرانا دھرنے اور ناانصافی اب پاکستان برداشت نہیں کرسکتا، تحریک انصاف کے مینڈیٹ کو تسلیم کرنا ہوگا اس کا احترام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے بانی کی جان کو خطرہ ہے، وزیراعلیٰ کے پی کی غنڈہ گردی نہیں چلے گی، ایم کیو ایم کی قیادت فضل الرحمان سے ملاقات کرے گی، مولانا کے بل کے حوالے سے ہم مل کر کوئی راستہ نکالیں گے، میں وہ نہیں جو اندر خانے اسٹیبلشمنٹ کے پیر پڑے اور باہر آ کر برا بھلا کہے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ تحریک انصاف میں بھی بہت اچھے لوگ ہیں، تحریک انصاف اگر اپنا قبلہ درست کرے تو بہتر ہوگا، بیگم اور ان کے حواریوں سے بانی تحریک انصاف کی جان بچانی ہے، آج کہیں سب سے زیادہ مخلص کوئی بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہے تو وہ ان کی بہنیں ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی نے سول نافرمانی کی کال دی ہے، 14 تاریخ فیض حمید کی پروسیڈنگ پر پریشر ڈالنے کے لیے مقرر کی لیکن یہ پروسیڈنگ اس سے پہلے شروع ہو جائے گی، اسٹیبلشمنٹ کوئی سودا نہیں کررہی، حکومت کے پاس جاؤں گا کہ وہ فیملی کارپوریشن کی طرح حکومت نہ چلائے۔

بقیہ جات 25

دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایف بی آر نے آذربائیجان پاکستان ٹریڈ ایگریمنٹ 2024 کے تحت ایس آر او جاری کردیا جس کے مطابق دوطرفہ تجارتی سامان لے جانے کیلئے آذر گاڑیوں کو پاکستان میں داخلے کی اجازت ہوگی۔ جاری کردہ ایس آر او کے مطابق کسٹمز کمپیوٹرائزڈ سسٹم کے تحت مخصوص بندرگاہوں سے بھی پراسیسنگ ہوسکے گی، جبکہ آذربائیجان سے رجسٹرڈ گاڑیاں درست اجازت نامے کے ساتھ پاکستان آسکیں گی، یہ گاڑیاں ٹرانزٹ اور دوطرفہ تجارتی سامان کی نقل وحمل کیلئے استعمال ہوتی ہیں۔ ایس آر او میں بتایا گیا کہ دونوں ممالک کے درمیان معاہدے کے تحت فنانس انشورنس کے بغیر اجازت ہوسکے گی، پاکستان سے جانے یا داخلے کے وقت مجاز اتھارٹی کا اجازت نامہ ضروری ہوگا، جبکہ آذربائیجان سے آنے والی گاڑیوں کو متعلقہ مقامات پر اندراج ضروری ہوگا۔

بقیہ جات 26

جبکہ بانی پی ٹی آئی کے مبینہ ویڈیو پیغام سے متعلق بھی جعلی خبریں چلتی رہیں۔ فیک نیوز واچ ڈاگ رپورٹ میں بتایا گیا کہ علی امین گنڈا پور اور بشریٰ بی بی کی گرفتاری سے متعلق جعلی خبر نے احتجاج کی شدت بڑھائی جبکہ پمز اور پولی کلینک ہسپتال میں سینکڑوں لاشوں کی جعلی خبروں کے بھی منفی اثرات ہوئے۔ واچ ڈاگ کے مطابق اسد قیصر کو پی ٹی آئی چیئرمین بنانے سے متعلق جعلی خبریں بھی بریکنگ نیوز بنیں، بانی پی ٹی آئی کے صاحبزادے سلیمان عیسیٰ خان کے نام سے جعلی اکاؤنٹ سیکارکنان کو اکسایا جاتا رہا، بانی پی ٹی آئی کو اڈیالہ جیل سے منتقل کرنے کی خبریں بھی جعلی ثابت ہوئیں۔ اس کے علاوہ فیک نیوز واچ ڈاگ کی تحقیقاتی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ احتجاج کے دوران آرمی اکیڈمیز سے 600 جوانوں کے استعفے کی خبریں بھی بے بنیاد ثابت ہوئیں جبکہ اسد قیصر اور محمود خان اچکزئی پر فائرنگ کی بے بنیاد خبریں بھی چلائی گئیں۔ تحقیقاتی رپورٹ میں کہا گیا کہ قاسم سوری کے بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق بیانات کے انتہائی منفی اثرات ہوئے، ڈی پی او اٹک غیاث گل کی پریس کانفرنس میں پی ٹی آئی احتجاج کی پرانی تصویر چلائی گئی۔ واچ ڈاگ کی رپورٹ میں لکھا ہے کہ دوران نماز کنٹینر سیگرنے والے پی ٹی آئی کارکن کی موت کی خبر بھی عالمی سطح پر زیر بحث رہی تاہم گرنے والے کارکن کے منظر عام پر آنے اور وزیر اعلیٰ کی پی سے ملاقات سے موت کی خبریں بھی غلط ثابت ہوئیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فیک نیوز کی وجہ سے سیکورٹی اداروں بلکہ پی ٹی آئی قیادت کو بھی شدید مشکلات کا سامنا رہا، فیک نیوز کے متاثرین میں حکومت، سیکورٹی ادارے اور سیاسی جماعتیں شامل ہیں، پاکستان میں فیک نیوز کے سدباب سے متعلق ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کی ضرورت ہے۔

بقیہ جات 27

تیاریوں شروع کردی ہیں یہ انتخابات چار سال کی مدت کے لیے ہوں گے جو جماعتی بنیادوں پر کروائے جائیں گے دسمبر میں پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ منظوری کے لئے اسمبلی میں پیش کیا جائے گا 20 ہزار سے کم آبادی میں یونین کونسل کا انتخاب ہوگا 7 لاکھ سے زائد آبادی کے لئے میٹرو پولیٹن کارپوریشن بنائی جائے گی ضلع کونسل اور تحصیل کونسلوں کے انتخابات میں منتخب یونین کونسل کے چیئرمین اور وائس چیئرمین اپنے ووٹوں سے ضلعی چیئرمین اور تحصیل چیرمینوں کا انتخاب کریں گے صوبائی اور قومی اسمبلی کے منتخب اراکین بھی حصہ لے سکیں گے لیکن کامیابی کے بعد انہیں کوئی ایک سیٹ رکھنا پڑے گی امیدواروں کے لئے ضابطہ اخلاق تشکیل دیا جا رہا ہے میونسپل کمیٹیاں اور ٹاؤن کمیٹیوں کے ممبران کا عوام خود چناؤ کریں گے ضلع کونسل تحصیل کونسل کے لئے دس ہزار جبکہ یونین کونسل کے امیدواروں کے لئے پانچ ہزار روپے سیکورٹی فیس رکھی جا رہی ہے پنجاب اسمبلی سے لوکل گورنمنٹ ایکٹ منظور ہونے کے فوری بعد انتخابات کی تاریخ کا اعلان متوقع ہے۔ مزید برآں معلوم ہوا ہے کہ مسلم لیگ ن کی قیادت نے ممبران اسمبلی کو ہدایت کی ہے کہ وہ انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں کی لسٹ جلد از جلد تیار کرلیں اور مقامی سطح پر لوگوں کی نمائندگی کو یقینی بنائیں۔

بقیہ جات 28

قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی ہمشیرہ محترمہ کے انتقال پر اظہار تعزیت اور گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی کی ہمشیرہ صاحبہ کے انتقال کی افسوس ناک خبر سن کر دلی دکھ ہوا، دکھ کی اس گھڑی میں اسپیکر قومی اسمبلی اور انکے خاندان کے دیگر افراد کے غم میں برابر کا شریک ہوں، اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور اسپیکر قومی اسمبلی اور ان کے خاندان کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطا فرمائے۔ سیکرٹری قومی اسمبلی سید طاہر حسین، ایڈیشنل سیکرٹری سعید احمد متلا، اسپیشل سیکرٹری سید شمعون ہاشمی، ایڈوائزر قانون سازی محمد مشتاق، ڈائریکٹر جنرل میڈیا ظفر سلطان خان اور عملے کا اسپیکر قومی اسمبلی کی ہمشیرہ محترمہ کے انتقال پر دکھ اور افسوس اظہار کیا۔ قومی اسمبلی کے افسران اور عملے ممبران نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور اسپیکر قومی اسمبلی اور ان خاندان کو اس صدمے کو برداشت کرنے کے لیے ہمت و حوصلہ عطا فرمانے کی دعا کی۔ #/s#

بقیہ جات 29

پاکستان میں داخل ہو چکا ہے۔ جس کے نتیجے میں آج لاہور سمیت پنجاب کے وسطی اور شمالی اضلاع میں بارش کا امکان ہے۔ پنجاب کے میدانی علاقوں میں سرد ہوائیں چلنے کی توقع ہے جبکہ پہاڑی علاقوں میں برفباری بھی ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات نے پیش گوئی کی ہے کہ بارش اور ٹھنڈی ہوائیں سردی کی شدت میں اضافہ کریں گی۔ لاہور میں آج کم سے کم درجہ حرارت 8.5 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 24 ڈگری سینٹی گریڈ تک جا سکتا ہے۔ یہ سلسلہ نہ صرف سردی میں اضافے کا باعث بنے گا بلکہ زرعی علاقوں میں فصلوں کے لیے بھی فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے۔ شہریوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ موسم کی صورت حال کے مطابق اپنے حفاظتی اقدامات کریں۔

بقیہ جات 30

بھی بانی پی ٹی آئی نے دھرنے میں بل جلایا تھا، تب بھی کسی نے عمل نہیں کیا تھا۔ ایک اور سوال کا جواب دیتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ بشریٰ بی بی کو کوئی چھوڑ کر نہ؟ ان گیا، ان سمیت سب بھاگ گئے تھے، انہوں نے ویڈیو دیکھی ہے، بشریٰ بی بی خود جارہی تھیں۔ دوسری جانب وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے بھی سول نافرمانی پر بات کرتے ہوئے کہا کہ جس ملک میں انتشار ہوگا، سول نافرمانی ہوگی وہ ملک ترقی نہیں کر سکتا، سیاسی اختلاف ضرور ہوتا ہے لیکن ملک کو بدنام کرنا سازش ہے، اگر ہمیں ترقی یافتہ بننا ہے تو امن، استحکام، پالیسیز کے تسلسل اور اصلاحات کو اپنانا ہوگا۔ واضح رہے کہ تین روز قبل بشریٰ بی بی نے دھرنے کے دوران جاں بحق ہونے والے کارکن کے گھر جا کر تعزیت کی تھی اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا تھا کہ شہادتوں کی وجہ سے تکلیف میں تھی، میں بھاگنے والی عورت نہیں ہوں، مجھے ڈی چوک پر اکیلا چھوڑ دیا گیا تھا، سمجھ نہیں آرہا تھا لوگ جھوٹ کیوں بول رہے تھے۔ ادھر خیبرپختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے بشریٰ بی بی کے اکیلے چھوڑے جانے کے دعوے کی تردید کرتے ہوئے ان کے بیان کو ذاتی قرار دیا اور کہا کہ میں پورا وقت بشریٰ بی بی کے ساتھ تھا۔

بقیہ جات 31

خیبرپختونخواہ کے عوام میں امن وامان پر کوئی توجہ نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بہار کالونی چرچ گراؤنڈ میں کرسمس کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں مسیحی برادری سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا کہ اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ میرے اور پر زیادہ لازم ہے، ہم کرسمس کو بھرپور طریقے سے منائیں گے، کرسچن کمیونٹی کی ہر خوشی اور غم میں ساتھ کھڑا ہوں، کرسچن کمیونٹی نے دنیا کے بہترین فائٹر پائلٹ پیدا کیے، تمام کمیونٹیز اس ملک کیلئے کردار ادا کررہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ظلم، تشدد اور نفرت کے خلاف آواز اٹھانی چاہیے، پاکستان اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے، ہمیں جو بھی نعمتیں حاصل ہیں وہ اس ملک کی بدولت ہیں، اس ملک میں اب تشدد اور انتشار نہیں ہوسکتا، جہاں بھی تشدد اور انتشار ہوگا ہم سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ملک ہے تو سیاستیں اور وزارتیں ہیں، ہم نے ملک کے مفاد میں چیزوں کو آگے لے کر چلنا ہے، بیرونی سرمایہ کاری بڑھ رہی ہے، انٹرسٹ ریٹ 15 فیصد اور مہنگائی 4.8 فیصد پر ہے، مہنگائی 2018 کے بعد سب سے کم سطح پر پہنچی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے نافرمانی اور تشدد کی سیاست کو رد کردیا ہے، جھوٹا بیانیہ بنایا جارہا ہے، لاشوں کی سیاست کی جارہی ہے، پوچھنا چاہتا ہوں بھاگے کیوں؟ کھڑے رہتے، تم بچپن سے ہی نافرمان ہو، تم سول نافرمانی کردیا جو دل چاہے یہ تمہاری اپنی مرضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ مسائل کا حل چاہتے ہیں، لوگ نہیں چاہتے کہ دھرنے شروع کردو، اب تم جو مرضی کرلو اب دال نہیں گلنے والی، تم دم دبا کر بھاگے ہو، لطیف کھوسہ کو اب آرام کرنا چاہیے، ان کی سیاست کی عمر نہیں رہی۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی والے لاشوں کی سیاست کررہے ہیں، اصل ویڈیو سامنے لے آتے تو جھوٹی غزہ اور فلسطین کی ویڈیوز کا سہارا نہ لینا پڑتا، یہ انتشار چاہتے ہیں جس کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، دہشتگردی کے خلاف نیشنل ایکشن پلان پر عمل ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخواہ حکومت صوبے میں امن وامان کے معاملے پر سنجیدہ نہیں، کرم میں لاشیں گریں دیگر معاملات ہوئے، کے پی حکومت کی امن وامان کی طرف توجہ نہیں ہے، یہ جھوٹے بیانیے پر سارا پیسہ لگا رہے ہیں، دہشتگردی کے خلاف جو کچھ ہوسکا وفاقی حکومت کرے گی۔

بقیہ جات 32

جاری بیان کے مطابق ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔

بقیہ جات 33

موقف کو سراہا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے حوالے سے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ سے متعلق آپ کا موقف ہر پاکستانی کے دل کی آواز ہے، آئی سی سی میں آپ نے پاکستان کے 24 کروڑ عوام کی ترجمانی کی، پاکستان کی عزت سب سے پہلے ہے اور اس کے بعد کچھ اور ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پی سی بی پاکستان میں چیمپئنز ٹرافی ٹورنامنٹ کے انعقاد کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، ہم پاکستان اور کرکٹ کی جیت چاہتے ہیں، چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے اچھی خبر سامنے آئے گی۔

بقیہ جات 34

کی سربراہی میں پی پی پی کمیٹی برائے قومی ایشوز کا ورچوئل اجلاس ہوا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور پی پی پی کمیٹی برائے قومی ایشوز کے اراکین کے درمیان اہم ملکی معاملات پر تبادلہ خیال ہوا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پی پی پی کمیٹی برائے قومی ایشوز کل حکومتی کمیٹی سے ملاقات کرے گی۔ ورچوئل اجلاس میں راجہ پرویز اشرف، شیری رحمان، مخدوم احمد محمود، نوید قمر، سید مراد علی شاہ، سردار سلیم حیدر، فیصل کریم کنڈی، میر سرفراز بگٹی اور علی حیدر گیلانی شریک تھے۔

بقیہ جات 35

ایوان اقتدار سے ٹکرانے تو حکومت بالآخر مذاکرات کیلئے مجبور ہوئی تو عوامی ایکشن کمیٹی کیساتھ گزشتہ شب کوہالہ انٹری پوائنٹ پر حکومتی کمیٹی نے مذاکراتی عمل دوبارہ شروع کیا جس کے نتیجے میں حکومت نے تمام کے تمام مطالبات نہ صرف تسلیم کیے بلکہ نوٹیفیکیشن بھی جاری کرنا پڑا ان مطالبات میں صدارتی آرڈیننس منسوخ آسیران کی رہائی بجلی اور آٹے کی مد میں سبسڈی پراپرٹی ٹیکس گزشتہ لانگ مارچ میں زخمی کارکنوں کو معاوضہ ملازمت سے برطرف ملازم کے علاوہ کچھ دیگر ایشوجن کو حکومت نے من وعن مانا کامیاب مذاکرات و معاہدے کے بعد عوامی ایکشن کمیٹی نے ریاست بھر ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کیا یوں آزاد کشمیر میں ایک سال سے جاری حکومت مخالف احتجاجی تحریک جس نے دسمبر کے پہلے ہفتے خوفناک صورتحال اختیار کرلی تھی الحمد للہ؟ حکومت ریاست اور عوام کسی بڑی آزمائش سے بچ نکلنے میں کامیاب ہوئے حکومت کی مضبوط اتحادی جماعتوں نے اس سارے کھیل میں وزیراعظم کی کشتی بیچ منجدھار میں چھوڑ دی جو خوب فیض پاتے رہے ان کا خیال تھا کہ حالات جوں کے توں رہیں اور بات نئے انتخابات تک جا پہنچے مگر خواہش پوری نہ ہوسکی دوسری بات کہ ریاست بھر تاریخ ساز عوام کا ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں کا مجمع جو برار کوٹ کوہالہ ڈھلکوٹ آزاد پتن ہولاڑ میرپور بھمبر داخلی راستوں پر دھرنوں کی شکل میں تھا انتہائی جذباتی کیفیت کے باوجود جہاں پر امن منظم نظر آیا۔ وہاں حکومت کی جانب سے بھی کوئی ایسا اقدام نہیں اٹھایا گیا جس سے کشیدگی افراتفری کا ماحول بنتا۔ دوطرفہ کامیاب حکمت عملی پر عوام نے حکومت اور عوامی ایکشن کمیٹی کی اعلیٰ ظرفی پر خوب سراہا، انھیں مبارک دی۔

بقیہ جات 36

ہونے کے بعد آزاد کشمیر حکومت نے متنازع صدارتی آرڈیننس واپس لینے کا اعلان کردیا۔ حکومت کی جانب سے صدارتی آرڈیننس واپس لینے سے متعلق نوٹی فکیشن بھی جاری کردی گئی۔ عوامی ایکشن کمیٹی نے ایک بیان میں حکومت سے معاہدہ طے پانے کے بعد احتجاج ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے صدارتی آرڈیننس واپس لے لیا۔ عوامی ایکشن کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ تمام اسیران کو رہا کردیا گیا ہے اور صہیب عارف کی ملازمت بحال کردی گئی جبکہ تصادم کے دوران زخمیوں کو معاوضہ دیا جائے گا۔ یاد رہے سول سوسائٹی کے اتحاد جموں کشمیر جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی نے گزشتہ روز حکومت کو اپنے 2 مطالبات (متنازع آرڈیننس کی منسوخی اور 14 زیر حراست کارکنوں کی غیر مشروط رہائی) کی منظوری کے لیے ڈیڈ لائن دی تھی۔ ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد ہزاروں کارکنوں نے برار کوٹ، کوہالہ، ٹین ڈھل کوٹ، آزاد پتن، ہولاڑ اور منگلا میں مرکزی داخلی راستوں کی طرف مارچ شروع کیا۔ مظفرآباد میں جے کے جے اے سی کور کمیٹی کے رکن شوکت نواز میر نے اعلان کیا کہ دارالحکومت اور نیلم اور جہلم وادی کے اضلاع سے ریلیاں برار کوٹ کی طرف مارچ کریں گی، جو خیبر پختونخوا کے ضلع مانسہرہ ضلع کی سرحد سے متصل ہے، اسی طرح باغ اور حویلی کے کارکنوں کو کوہالہ میں جمع ہوئے، پونچھ اور سدھنوتی کے کارکنوں نے آزاد پتن اور ٹین ڈھل کوٹ کی جانب مارچ کیا، میرپور ڈویژن میں مظاہرین نے ضلع کوٹلی میں ہولاڑ اور ضلع میرپور میں منگلا کی طرف مارچ کیا۔

بقیہ جات 37

شدہ منشیات کے ساتھ اے این ایف حکام کے حوالے کردیا گیا ہے جہاں اس سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ جات 38

سرانجام دیں۔ کانسٹیبل ذیشان خرم نے رواں سال جون میں تھانہ شیدانی رحیم یار خان کے علاقہ میں ڈکیتوں سے مقابلے میں جام شہادت نوش کیا۔ کانسٹیبل ذیشان خرم شہید کے لواحقین میں والدہ، اہلیہ، 02 بیٹے اور ایک بیٹی شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی خصوصی کاوش پر حکومت پنجاب نے شہید کے اہل خانہ کے گھر کیلئے فنڈز جاری کئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کانسٹیبل ذیشان خرم شہید کی لازوال قربانی کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل ذیشان خرم شہید نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر خطرناک ملزمان کا بہادری سے مقابلہ کیا۔ پنجاب پولیس اپنے بہادر فرزند کی قربانی کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس کانسٹیبل ذیشان خرم شہید جیسے 1650 سے زائد بہادر شہدا کی امین فورس ہے اور شہدا کی فیملیز کی ضروریات کا ہر ممکن خیال رکھا جارہا ہے۔

بقیہ جات 39

درخواست پر 3 نامزد اور 2 نامعلوم سمیت 5 افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا ہے مگر ابھی تک تاحال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی۔ فرانزک ٹیموں نے بھی شواہد اکٹھے کیے ہیں۔ پولیس صرف 2 افراد کی ہلاکتوں کو زہریلی شراب کی وجہ قرار دے رہی ہے جبکہ باقی اموات کو ہارٹ اٹیک قرار دے رہی ہے۔ ایس پی انوسٹی گیشن اور ڈی ایس پی پتوکی کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے نوٹس لینے کے بعد قصور پولیس متحرک نظر آرہی ہے۔ ترجمان قصور پولیس کے مطابق اب تک منشیات فروشوں کے خلاف کیے گئے کریک ڈاؤن سے 1600 لیٹر شراب برآمد کرلی گئی ہے اور مزید کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ جات 40

کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے نا کہ وزارت صنعت کے ساتھ۔ انہوں نے کہا کہ مدارس کے 15 بورڈ میں سے 10 بورڈ وزارت تعلیم کے ساتھ رجسٹریشن کرا رہے ہیں، مدارس کے مستقبل کے ساتھ نہ کھیلا جائے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ مدارس کا تعلق تعلیم سے ہے تو انہیں وزارت تعلیم سے منسلک ہونا چاہیے، اگر کسی مدارس کو وزارت صنعت کے ساتھ جانا ہے تو چلا جائے۔ علامہ طاہر اشرفی نے یہ بھی کہا کہ اگر کوئی مشکلات ہوتیں تو کیا ساڑھے 18 ہزار وزارت تعلیم سے منسلک ہوتے، مدارس کے معاملے کو سیاست کی نذر نہیں ہونا چاہیے، مدارس کے مستقبل کو سیاسی مقاصد کے ساتھ کھیلنے نہیں دیں گے۔

بقیہ جات 41

کرکے انہیں صحافی کالونی کے قیام کے لئے فائل پیش کی اور علاقائی صحافیوں کے درپیش مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے حکومت سے خصوصی گرانٹ کا مطالبہ کیا۔ اس ملاقات میں صدر پریس کلب نے عظمیٰ بخاری کو پریس کلب سرگودھا کے دورہ کی دعوت دی جنہوں نے نہ صرف سرگودھا پریس کلب کا دورہ کرنے کی وعدہ کیا بلکہ صحافیوں کے درپیش مسائل کے حل کے ساتھ سرگودھا جرنلسٹس کالونی کے قیام کے لئے ہر ممکن اقدامات کا یقین دلایا۔

بقیہ جات 42

علاقوں میں گیس کا پریشر کم ہوگیا۔ گیس کا پریشر کم ہونے سے گھریلو صارفین ہوٹلوں سے کھانا منگوانے پر مجبور ہوگئے۔ محکمہ سوئی گیس کے مطابق دن میں تین اوقات گیس کی دستیابی کو ممکن بنایا جارہا ہے۔

بقیہ جات 43

لائیو سٹاک ڈاکٹر محمد زبیر باری اور ڈپٹی ڈائریکٹر ماڈل ٹاؤن ڈاکٹر عمارہ سحر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر لائیو سٹاک عاشق حسین کرمانی کا میڈیا نمائندگان سے گفتگو کے دوران کہنا تھا کہ لائیو سٹاک کارڈ وزیراعلیٰ پنجاب کا ایک شاندار منصوبہ ہے، جس سے مویشی پال حضرات مستفید ہوں گے۔ لائیو سٹاک کارڈ کے ذریعے جانوروں کے لیے ونڈہ اور سائیلج خریدہ جا سکے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب لائیو سٹاک کارڈ سے مویشی پال کسانوں کو 27000 ہزار فی جانور بلاسود قرضے کی سہولت ہوگی۔ پہلے مرحلے میں 20 ہزار مویشی پال اس منصوبے سے مستفید ہوں گے۔ یہ منصوبہ گوشت کی پیداوار اور برآمدات بڑھانے میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ افتتاحی تقریب میں محکمانہ افسران کے علاوہ مویشی پال کسانوں نے بھی شرکت کی۔

بقیہ جات 44

ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (78 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 887 ڈرائیورز، 87 کم عمر ڈرائیور، 598 مسافر اور 186 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 296 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 337 متاثرین کے ساتھ پہلے، فیصل آباد 108 حادثات میں 120 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 75 حادثات میں 71 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔

بقیہ جات 45

ہے زخمی کو سید و شریف اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ دوسری جانب کراچی کے علاقے گول ٹاؤن شفیق کالونی گھر میں گیس لیکج کے باعث دھماکہ ہوا جس کے باعث پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق 2 منزلہ عمارت میں خستہ حال سوئی گیس کی گیس لائن موجود تھی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ قریب ہی الیکٹرک تاریں تھی جس سے شارٹ سرکٹ کے باعث دھاکہ ہوا۔ پولیس نے مزید بتایا کہ دھماکے میں آگ سے جھلس کر ایک شخص شدید زخمی ہوا، دھماکے کے نتیجے میں مکان کا ملبہ دوسرے گھر پر گرا۔ پولیس کے مطابق دھماکے کے باعث ملبے تلے دب کر چار افراد زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کے لئے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا، زخمیوں میں دو کی حالت تشویشناک ہے۔ #/s#

بقیہ جات 46

چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں سے ہمارے اچھے روابط ہیں اور ان میں مزید بہتری لائی جائے گی۔ ڈاکٹر مسعود شیخ عرصہ بیس سالوں سے انتظامی عہدوں کا تجربہ رکھتے ہیں۔ اور پانچ سال سید مٹھا ہسپتال اور ایک سال شاہدرہ ہسپتال میں بطور ایم ایس بھرپور طریقے سے عوامی خدمات انجام دیتے رہے۔ اس سے پہلے بھی وہ جنرل ہسپتال لاہور میں بے ایم ایس ایڈمن رہے اور اب گنگا رام ہسپتال لاہور میں اے ایم ایس ایڈمن کے طور پر اپنے فرائض نبھا رہے ہیں۔ گنگا رام ہسپتال میں بطور اے ایم ایس ایڈمن تعیناتی سے حالات میں بہتری آئے گی۔ ڈاکٹر مسعود شیخ نے کہا کہ کچھ مافیا گنگا رام ہسپتال سے ٹھیکے لینا چاہتا تھا جسکو انکار کیا گیا اور ٹینڈرز میں انے کا کہا گیا تو وہ مافیا اب مختلف بہانوں سے ہسپتال کا۔ نام خراب کرنے کی کو شش کررہا ہے۔

بقیہ جات 47

کلیئرنس کے دوران مشکوک پایا گیا۔ گرفتار خواتین کے پاس واپسی کی ٹکٹ اور ہوٹل بکنگ موجود نہ تھی جبکہ گرفتار خواتین کے پاس عمرہ کی ادائیگی کے لیے درکار ضروری رقم بھی ناکافی تھی۔ گرفتار خواتین کو اس سے قبل لاہور ایئرپورٹ سے بھی آف لوڈ کیا گیا۔ ترجمان کا کہنا تھا کہ گرفتار مسافر خواتین کو مزید قانونی کارروائی کے لیے انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل کراچی منتقل کردیا گیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ جات 48

کیلئے، سرجیکل انڈسٹری کیلئے الگ انڈسٹریل اسٹیٹ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرجیکل انڈسٹری کی ڈیمانڈ کے مطابق خواتین ورکرز کیلئے جدید کورسز متعارف کروائے جائیں۔ وفد کے اراکین نے مطالبہ کیا کہ سیالکوٹ میں مجوزہ سرجیکل سٹی کے قیام میں حائل رکاوٹیں جلد دور کی جائیں۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے وفد کی سرجیکل انڈسٹری کیلئے الگ انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کی تجویز سے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ آلات جراحی کی مینوفیکچرنگ سیکٹر میں سرمایہ کاری کی بڑی گنجائش موجود ہے۔ سرجیکل انڈسٹری کو ایک جگہ منتقل کرنے کیلئے علیحدہ انڈسٹریل اسٹیٹ کا قیام ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرجیکل انڈسٹری کی مشاورت سے سیالکوٹ میں ٹیوٹا کے ادارے کو اپ گریڈ کیا جائے گا اور انڈسٹری کی ضرورت کے مطابق خواتین ورکرز کے لئے کورسز بنائے جائیں گے۔ صوبائی وزیر نے بتایا کہ ٹیوٹا کے اداروں سے سالوں سے پڑھائے جانے والے پرانے کورسز بدل دیئے ہیں اور نئی ٹیکنالوجی پر کورسز متعارف کرائے گئے ہیں۔ چوہدری شافع حسین نے کہا کہ سرجیکل انڈسٹری کے فروغ سے روزگار کے مواقع بڑھائے جاسکتے ہیں اس لئے اس انڈسٹری کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔ وفد میں سابق چیئرمین سیماب محمد یوسف حسن باجوہ، بلال تنویر اور دیگر شامل تھے۔ ایڈیشنل سیکرٹری کامرس، پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے ڈائریکٹر اور دیگر متعلقہ افسران بھی ملاقات میں موجود تھے۔

بقیہ جات 49

جائے وقوعہ پر پہنچے تاہم میاں بیوی پہلے ہی فرار ہوچکے تھے۔ ریسکیو اہلکاروں نے خاتون کی لاش کو بہاول وکٹوریہ ہسپتال منتقل کردیا جب کہ پولیس نے واقعے کی تفتیش اور ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

بقیہ جات 50

بتایا کہ مرنے والوں نے کچی شراب خود تیار کی تھی، تھانہ ٹی آئی پی پولیس نے معروف شاہ کی بیٹی آسیہ بی بی کی رپورٹ پر دریافت شروع کردی۔

بقیہ جات 51

قابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے مدارس کے نام پر امریکہ اور مغرب کو بلیک میل کرکے اقتدار کو طول دینے کی کوشش ہر دور میں کی ہے رجسٹریشن ایکٹ منظوری کے بعد صدر مملکت کی جانب سے دستخط نہ کرنا مغرب کی خوشنودی کے سوا کچھ نہیں پاکستان کو ایک آزاد ریاست کے طور پر بیرونی دباؤ سے نکل کر ملک و اسلام کے مفادات میں کام کرنا ہوگا عجیب منطق ہے کہ متنازع بلز پر چند گھنٹوں میں دستخط کیے گئے جبکہ متفقہ طور پر پاس ہونے والے مدارس رجسٹریشن بل پر دستخط نہیں کیے گئے۔ حکمران ہمیں سخت احتجاج پر مجبور نہ کریں اور بل پر فوری دستخط کرکے اس کو قانون کا حصہ بنایا جائے۔

بقیہ جات 52

ہوئے کیا۔ امجد اینڈ سنز نٹ ویئر کمپنی کے چیف ایگزیکٹو امجد فاروق امجد نے کہا کہ دہشت گردی پاکستان کی ترقی و خوشحالی کی راہ میں بنیادی رکاوٹ ہے، آپریشن 'عزم استحکام' سے دہشت گردی کا خاتمہ ہوگا، آپریشن عزم استحکام سے دہشت گردوں کی باقیات، جرائم و دہشت گرد گٹھ جوڑ اور ملک میں بڑھتی ہوئی پر تشدد انتہا پسندی جڑ سے ختم ہو جائے گی، اس آپریشن کی مخالفت کرنے والے افراد ملک و قوم کے دوست نہیں بلکہ دشمن ہیں۔ پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے صدر امجد فاروق امجد کا کہنا تھا کہ پاک فوج ہی پاکستان کی ریڈ لائن، ملکی سلامتی، یکجہتی، ترقی و خوشحالی، دفاع اور تحفظ کی ضامن ہے، نااتفاقی اور انتشار ملک کو اندر سے کھوکھلا کرکے بیرونی جارحیت کیلئے راہ ہموار کرتا ہے، چند مفاد پرست عناصر نے اپنے مفادات کے حصول کیلئے نوجوان نسل کا برین واش کر کے انہیں افواج پاکستان کے خلاف کھڑا کرکے پاکستان کے دشمنوں کا منصوبہ کامیاب بنانے کی کوشش کررہے ہیں ہم اس عمل کی شدید مذمت کرتے ہیں اور مسلح افواج کے ساتھ کھڑے ہیں کیونکہ مضبوط فوج مملکت کی سلامتی اور اتحاد کی ضامن ہوتی ہے، قوم کا افواج پاکستان پر غیر متزلزل اعتماد ہے یہ مضبوط رشتہ مشکل حالات میں پاک فوج کے آفیسرز اور جوانوں کی قوت بن کر حوصلوں اور جذبوں کو بڑھانے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے مجھے پختہ یقین ہے کہ کوئی منفی قوت، اعتماد اور محبت کے اس رشتے کو نہ کبھی کمزور کرسکی، نہ ہی آئندہ کر سکے گی۔

بقیہ جات 53

روپے جرمانہ کی سزا سنادی۔

بقیہ جات 54

گئیں۔ پاکستانی حکام کی کوششوں سے کینیا تنزانیہ کی ''مسائی ٹریکٹا کمپنی'' تنزانیہ میں پاکستانی زرعی مشینری کے فروغ اور رسائی میں شراکت دار ہے۔ پاک ٹریکٹرز ہاؤس کمپنی سے درآمد کیے گئے پاکستانی ٹریکٹرز کی آمد سے مشرقی افریقا میں برآمدات میں اضافہ ہوا ہے، یہ کامیابی پاکستان کی عالمی تجارتی شراکت داریوں کو بڑھانے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔ پاکستان کے مینوفیکچرنگ شعبے میں استحکام اور افریقی مارکیٹ میں پاکستان کی مضبوط اقتصادی موجودگی ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے مستقبل میں تجارتی تعلقات اور شراکت داریوں کی راہیں ہموار کرے گی۔

بقیہ جات 55

کو آگ لگانے کے بعد مقامی لوگوں اور پولیس نے ملکر آگ بجھانے کی کوشش کی تاہم کچھا کیکر گنا پھر بھی جل گیا، پولیس کے مطابق کچھ روز قبل ڈاکوؤں نے بھتہ نہ دینے پر کسانوں کو دھمکی کی ویڈیو وائرل کی تھی۔

بقیہ جات 56

کرسچین کمیونٹی کی عبادت گاہوں کی سکیورٹی چیک کی اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں کو موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر بریف کر رہے ہیں۔ پارکنگ ایریا مناسب فاصلہ پر رکھیں اور اپنی ڈیوٹی الرٹ ہوکر کریں تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہوسکے۔ شہر میں اندرونی اور بیرونی ناکہ بندیاں بھی کی گئیں۔ شہری چکوال کو محفوظ بنانے کے لیے چکوال پولیس کا ساتھ دیں۔

بقیہ جات 57

مشکل وقت میں ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلے ہیں، یہ ممالک پاکستان میں بھرپور سرمایہ کاری بھی کررہے ہیں جس سے پاکستانی معیشت مضبوط ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل ہے کہ ملک کی معیشت میں سدھار لانے اور قرضوں کی دلدل سے باہر نکلنے کیلئے میثاق معیشت اور سیاسی استحکام کے لئے پیشرفت کریں بصورت دیگر پاکستان کی کشتی ایسے ہی ہچکولے کھاتی رہے گی۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف سے اپیل ہے کہ ملک میں کاروبار کے حالات میں بہتری کے لئے تاجروں کو یوٹیلٹی بلز کی مد میں ریلیف دیا جائے۔

بقیہ جات 58

کا سلسلہ جاری ہے جبکہ اکرام ماچھی گینگ صوبہ پنجاب کے مختلف اضلاع بہاولنگر، پاکپتن، وہاڑی اور ساہیوال سمیت دیگر میں منشیات سپلائی کرتے تھے۔

بقیہ جات 59

کے ناموں سے ہوئی ملزمان سے دو پسٹل مع ایمونیشن 4 موبائل فونز چھینے ہوئے پرس اور نقدی برآمد ملزمان کا علاقہ میں درجنوں وارداتوں میں ملوث ہونے کا انکشاف ملزمان سے برآمد موٹر سائیکل 125 کا ریکارڈ چیک کیا جا رہا ہے گرفتار ملزمان کو طبی امداد کیلئے اسپتال منتقل کر دیا گیا ملزمان کے خلاف پولیس مقابلہ اور سندھ آرمز ایکٹ کی دفعات کے تحت مقدمات درج کر لئے

بقیہ جات 60

جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) (کے امیر مولانا فضل الرحمٰن کی مدارس رجسٹریشن بل پر صدر کے دستخط نہ ہونے پر تشویش بلکل بجا ہے مدرسہ تعلیم القرآن کے لائبریری ہال میں مولانا عبدالماجد فاروقی نے مولانا محمد عکاشہ کے ہمراہ قاری محمد اسحاق چشتی کی قیادت میں آنے والے مہتمم مدارس کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوں لگتا ہے کہ ایوان صدر جان بوجھ کر مدارس بل میں رکاوٹ بن رہا ہے تاہم پاکستان امن کونسل مدارس رجسٹریشن بل کے معاملے پر جے یو آئی کے امیر مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ کھڑی ہے اور ننگ آمد بجنگ آمد فارمولے پر عمل کے لیے بھی تیار ہے انہوں نے کہا کہ مدارس رجسٹریشن بل کو 26 ویں آئینی ترمیم کا حصہ ہوتے ہوئے ایوان صدر میں لٹکایا جانا سوالیہ نشان ہے اس موقع پر مولانا عبدالماجد فاروقی نے حکومت پر مدارس رجسٹریشن بل پر دستخط کے معاملے کو فوری حل کرنے پر زور دیا اور متنبہ کیا کہ مدارس رجسٹریشن بل پر دستخط کا معاملہ فی الفور حل نہ ہوا تو 26 ویں آئینی ترمیم جس کے ذریعے عدلیہ کی آزادی اور چیف جسٹس کی تعیناتی میں سنیارٹی کو ختم کر کے آئین سے کھلواڑ کیا گیا اس خلاف اٹھنے والی آوازوں کا حصہ بننے پر مجبور ہو جائیں گے۔

بقیہ جات 61

10824 اقامہ قوانین کی خلاف ورزی 4638 گرفتار شدگان سرحدی قوانین کی خلاف ورزی جبکہ 3027 تارکین لیبر قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث تھے۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ عرصے کے دوران 1125 افراد گرفتار کیے گئے جو سرحد عبور کرکے ملک میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے کی کوشش کر رہے تھے جن میں سے 42 فیصد یمنی، 56 فیصد ایتھوپی جبکہ دو فیصد دیگر ممالک کے تارکین تھے۔ کمیٹی نے کہا کہ غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 31 افراد گرفتار ہوئے ہیں۔

بقیہ جات 62

قانونی کارروائی کرتے ہوئے بتایا کہ اطلاع ملی تھی کہ نواں انوالہ مین روڈ پر واقع عامر چوک میں رانا مدثر کی رسم حنا کے موقع پر اسکے دوست اور مہمان شدید ہوائی فائرنگ اور آتش بازی کر رہے ہیں اور کسی بھی وقت کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما ہوسکتا ہے، جس پر پولیس پارٹی نے چھاپہ مارا تو دولہا کے دوست ہوائی فائرنگ اور آتش بازی کر رہے تھے، پولیس کو دیکھتے ہی بھاگنے لگے تو پولیس پارٹی نے گھیرا ڈال کر عثمان ولد یوسف، عمار شبیر گل، عبداللہ ولد یوسف، رو عثمان ولد ارشد علی اور عطار رسول ولد شہباز کو آتشیں اسلحہ سمیت قابو کرلیا اور بھاری مقدار میں آتش بازی کا سامان قبضہ میں لے لیا جبکہ دولہا رانا مدثر اور دیگر منچلے نوجوان موقع سے فرار ہو گئے، پولیس نے میرج ایکٹ سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ جات 63

لطیف آباد سمیت تمام علاقوں کے لوگ گیس نہ ہونے کا شکوہ کر رہے ہیں۔ گیس کی لوڈشیڈنگ سے نہ صرف گھریلو خواتین پریشان ہیں بلکہ گیس کے ذریعہ معاش حاصل کرنے والے کاروباری افراد بھی شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت گیس کی لوڈشیڈنگ میں کمی کو یقینی بنا کر عام آدمی کی زندگی میں ریلیف کے لیے عملی کردار ادا کرے۔

بقیہ جات 64

ہوئے کیا۔ ملاقات میں چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی پنجاب بار کونسل راؤ فضل الرحمان، ممبران اعجاز خان بلوچ، رانا محمد اکرم خان، میاں مراد بھٹی، غلام جوئی، بیرسٹر حق نواز، غلام عباس بھٹی، شہزاد ڈوگر، حسن طور، رانا شہباز احمد، چوہدری نثار علی خان، میاں محمد حنیف، عاطف مغل، شاف ذیشان ملک اور سید مظہر علی شاہ بھی موجود تھے۔ پنجاب بار کونسل کے عہدیداروں نے بیرسٹر امجد ملک کو وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، اوورسیز وکلاء اور اوورسیز شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے مل کر چلنے پر اتفاق کیا گیا۔ چوہدری بابر وحید نے کہا کہ پنجاب بار کونسل اوورسیز وکلاء اور اوورسیز شہریوں کی دادرسی کیلئے ہمیشہ اپنا کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بیرسٹر امجد ملک اوورسیز پاکستانیوں کی توانا آواز ہیں، اوورسیز پاکستانی اپنے ملک کے لئے اربوں ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ بھجواتے ہیں جس پر ان سے اظہار تشکر کرتے ہیں۔ وائس چیئرمین چوہدری بابر وحید اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی راؤ فضل الرحمان نے بیرسٹر امجد ملک کو اعزازی شیلڈ بھی پیش کی۔ بیرسٹر امجد ملک نے میزبان وکلاء کو اوورسیز کمیشن پنجاب کا نشان پیش کیا اور شاندار میزبانی پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ جات 65

نے کہا کہ ایسے افراد قومی حکومت میں حصہ دار بننا چاہتے ہیں۔ دوسری جانب شیر علی ارباب نے کہا کہ مورال نیچے تب ہوتا ہے جب ایسے لوگوں کو پارٹی میں پذیرائی ملتی ہے۔

بقیہ جات 66

ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت کی کسان زراعت دشمن پالیسیوں کی بدولت شعبہ زراعت زوال پذیر اور ناقص اقتصادی منصوبہ بندی سے صنعت معیشت تباہ حال ہوچکی ہے حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کے بجائے ان سے جینے کا حق چھین رہی ہے لیاقت بلوچ نے کہا کہ اب سیاسی جماعتوں اور عوام کے پاس احتجاج کے علاوہ کوئی آپشن نہیں بچا ہے۔

بقیہ جات 67

رہے ہیں اور بعض نادان پاکستانی بھی سیاست کا لبادہ اوڑھ کر ان کے آلہ کار بنے ہوئے ہیں جو کہ خطرناک عمل ہے، صوبے اور زبانیں پہچان کے لئے ہیں لیکن ان کی بنیاد پر تفریق پیدا کرنا کسی بھی صورت مناسب نہیں، ملک کو مزید نئے یا ''آخری کارڈ'' کی نہیں امن اور سیاسی استحکام کی ضرورت ہے، پاکستانی قوم کو تقسیم کرنے کے بجائے اتحاد کو فروغ دینا چاہیے کیونکہ نفرت، تعصب اور انتشار ملک کے مفاد میں نہیں، خدارا عدم استحکام، بدامنی اور نفرت کی سیاست سے نکل آئیں، 9 مئی اور 24 نومبر کو ملکی سیاسی تاریخ کے بدترین دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا، کیا آپ اب بھی ان سے نہیں سیکھنا، اب نسلی تعصب کو ہوا دینے سے بہتر ہے آپ اپنی غلطیوں اور طرز سیاست کو درست کریں، مسلسل عدم استحکام، انتشار و سیاسی مارچ کو تصادم کا رنگ نہ دیں احتجاج کو پرامن رکھنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین کے منفی پروپیگنڈے کے باوجود پی پی 139 کے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ (ن) کے امیدوار رانا طاہر اقبال کی کامیابی پارٹی کی مقبولیت اور عوامی ساکھ واضح کردی، عوام مسلم لیگ (ن) کی خدمت کی سیاست کو ووٹ دیا ہے جو ملکی تعمیر وترقی اور عوام کی خوشحالی کی بنیاد ثابت ہوگا، نواز لیگ کا ایجنڈا عوام کی فلاح و بہبود ہے، انتقامی سیاست پارٹی کا وطیرہ نہیں اور نہ ہی وفاقی اور پنجاب حکومت نے ضمنی الیکشن میں کسی طرح کی مداخلت کی جو پارٹی قیادت کی جمہوریت پسندی کا ثبوت ہے، ہم آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتے ہیں اور اسی بیانیے کی بنیاد پر عوام نے ہمیشہ پارٹی قیادت کا ساتھ دیا ہے۔ مسلم لیگی رہنما فرخ ناز اکبر نے مزید کہا کہ مسلم لیگ (ن) ہی عوام کی حقیقی نجات دہندہ جماعت ہے، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز قائد نواز شریف کے ویژن کو آگے بڑھانے میں کوشاں ہیں، جنہوں نے عوام کے ساتھ کئے گئے اپنے وعدوں کو پایا تکمیل تک پہنچایا، غنڈہ گردی کرنے والے عناصر ابھی تک یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی ضرورت ہے اور ملکی معیشت بھی سیاسی استحکام کے بغیر اپنے پاؤں پر کھڑی نہیں ہوسکتی، پنجاب کے عوام وزیراعلیٰ مریم نواز کی کارکردگی سے مطمئن ہیں، عوام پی ٹی آئی کی نفرت، انتشار اور منافقت کی سیاست کی نہیں بلکہ تعمیر و ترقی خوشحالی و امن، پیار و محبت کی سیاست چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبرپختونخوا حکومت کو چاہیے کہ وہ احتجاج جلسے جلوس اور بلاوجہ کی دھرنا سیاست کی بجائے وہاں کی عوام کو درپیش مشکلات کا احساس کرے اور ایسے کام نہ کرے کہ ان کے صوبے میں گورنر راج لگانے کی نوبت آئے، اگرچہ مسلم لیگ (ن) اس کے حق میں نہیں لیکن پی ٹی آئی کو ایک ذمے دار سیاسی جماعت کا رول پلے کرنا ہوگا، پاکستان کا معاشی استحکام دشمنوں کو ہضم نہیں ہو رہا ہے اس لئے وہ حیلوں بہانوں سے بار بار اسلام آباد کی طرف یلغار کی کوشش کرتے ہیں، فائنل مارچ کا نام دیتے ہیں اور پھر دم دبا کر بھاگ جاتے ہیں، پی ٹی آئی قیادت کارکنوں کو صرف اپنی ذاتی مفادات کی سیاست کی بھینٹ چڑھا رہی ہے۔

بقیہ جات 68

کے مطابق شامی صدر بشار الاسد دمشق چھوڑ کر نامعلوم مقام پر منتقل ہوگئے، بشار الاسد کے صدارتی محافظ بھی ان کی معمول کی رہائش گاہ پر تعینات نہیں ہیں جس کے باعث ان قیاس آرائیوں کو تقویت ملتی ہے کہ بشار الاسد فرار ہوچکے ہیں۔ غیر ملکی میڈیا کی جانب سے دعویٰ کیا جارہا ہے کہ شامی جنگجوؤں نے شام کے شہر حمص پر مکمل کنٹرول کا اعلان کیا ہے جبکہ سینٹرل جیل پر قبضہ کرکے 3500 قیدیوں کو بھی رہا کردیا، باغیوں نے صدر بشار الاسد کے پورٹریٹ پھاڑ دیئے جبکہ بشار الاسد کے والد کا مجسمہ بھی گرا دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شامی کردوں نے دیرالزور کا کنٹرول سنبھال کر اپنا جھنڈا لہرا دیا اور صدر بشار الاسد کی فوج کو شہر چھوڑنے پر مجبور کیا، سیکڑوں فوجیوں اور سرکاری افسران نے عراق میں پناہ لے لی۔ دوسری جانب جنگجو لیڈر محمد الجولانی نے کہا ہے کہ شام میں حالیہ بغاوت کا مقصد صدر بشار الاسد کی حکومت کو گرانا ہے، شامی حکومت کا خاتمہ قریب ہے، ہتھیار پھینکنے والے سرکاری فوجیوں کو عام معافی دی جائے گی۔ شام کے صدر بشار الاسد جس طیارے میں ملک سے فرار ہوئے اس کا رابطہ ریڈار سے منقطع ہوگیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق شام کے صدر بشار الاسد کے بارے میں شبہ ہے کہ وہ ایک طیارہ حادثے میں ہلاک ہوگئے۔ رائٹرز کی خبروں کے مطابق ملک سے فرار ہونے کے بعد ان کے طیارے نے ریڈار سے غائب ہونے سے قبل ایک غیر معمولی ٹرن لیا تھا۔ فلائٹ ریڈار ویب سائٹ کے اعداد و شمار کے مطابق شامی ایئر کا ایک طیارہ اس وقت دمشق ایئرپورٹ سے روانہ ہوا جب باغیوں نے دارالحکومت پر قبضہ کیا۔ یہ طیارہ ابتدائی طور پر شام کے ساحلی علاقے کی طرف بڑھا جو بشار الاسد کے علوی فرقے کا گڑھ ہے لیکن پھر اچانک مڑ گیا۔ ریڈار سے غائب ہونے سے پہلے کئی منٹوں تک طیارہ مخالف سمت میں پرواز کرتا رہا۔ رائٹرز فوری طور پر اس خبر کی تصدیق سے قاصر ہے کہ جہاز میں کون تھا۔ تاہم شام میں دو ذرائع نے بتایا کہ اس بات کا بہت زیادہ امکان ہے کہ بشار اسد ہوائی جہاز کے حادثے میں ہلاک ہوگئے۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ یہ ایک معمہ تھا کہ طیارے نے اچانک یوٹرن کیوں لیا اور ریڈار سے غائب ہوگیا۔

بقیہ جات 69

مریم اورنگزیب، وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ زاہد بخاری، وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر، وزیر زراعت عاشق کرمانی سمیت اعلیٰ سطح وفد بھی ان کے ہمراہ دورے پر روانہ ہوا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف بیجنگ، شنگھائی، شن ژین اور گوانگ ژو کے دورے کریں گی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف چین کے وزراء، اعلیٰ حکام اور ماہرین سے بھی ملاقاتیں کریں گی۔ مریم نواز شریف چین میں مختلف ملاقاتیں، تقاریب اور کانفرنس میں بھی شرکت کریں گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو چین کی حکمران جماعت کمیونسٹ پارٹی آف چائنا کی طرف سے دورہ چین کی دعوت دی گئی تھی۔

2019ء کے معاہدے پر فضل الرحمن، مفتی تقی عثمانی، مفتی منیب نے دستخط کیے تھے، طاہر اشرفی

25 ہزار مدارس میں سے 18400 نے رجسٹریشن کرائی، مدارس کو وزارت تعلیم کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے تاکہ وزارت صنعت کے ساتھ

مدارس کے 15 بورڈ میں سے 10 بورڈ وزارت تعلیم کے ساتھ رجسٹریشن کرا رہے ہیں، مدارس کے مستقبل کے ساتھ نہ کھیلا جائے انٹرویو

[illegible] (بقیہ نمبر 40)

لاہور، شہری تعطیل کے روز جیلانی پارک کی سیر کررہے ہیں

پنجاب پولیس سموگ کی روک تھام، ماحولیاتی تحفظ کیلئے دیگر اداروں کے ساتھ مصروف عمل

[illegible] ورزی کے مرتکب افراد کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں میں صوبہ بھر میں 12 مقدمات درج متعدد قانون شکنوں کو گرفتار کیا گیا۔ 508 قانون شکن عناصر کو تقریبا 08 لاکھ روپے سے جرمانے عائد کئے گئے اور 31 کو وارننگ جاری کی گئی۔

صدر پریس کلب سرگودھا کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری سے ملاقات

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں صحافیوں کو رہائشی سہولیات کی فراہمی کے کے لئے صدر پریس کلب مہر آصف حنیف نے صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری سے ملاقات کر کے انہیں صحافی کالونی کے قیام کی فائل پیش کی اور انہیں علاقائی صحافیوں کے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے حکومت سے خصوصی گرانٹ کا مطالبہ کیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا میں صحافیوں کو رہائشی سہولیات کی فراہمی کے لئے سرگودھا پریس کلب کے صدر مہر آصف حنیف نے لاہور کا دورہ کر کے صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری سے ملاقات (بقیہ نمبر 41)

چیف منسٹر لائیوسٹاک کارڈ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد

لاہور (آئن لائن) محکمہ لائیوسٹاک کی جانب سے چیف منسٹر لائیوسٹاک کارڈ کی افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں منسٹر لائیوسٹاک عاشق حسین کرمانی، پارلیمانی سیکرٹری عاصم شیر میکن اور رانا راشد ایم پی اے نے صدارت کے فرائض انجام دیئے اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر عثمان طاہر، ڈائریکٹر جنرل پروڈکشن ڈاکٹر محمد یوسف، ڈائریکٹر لائف سٹاک ڈاکٹر نعیم قمر اور ایڈیشنل ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 43)

ملک کو مزید نئے یا آخری کارڈ کی نہیں، امن کی ضرورت ہے، فرح ناز اکبر

صوبے اور زبانیں پہچان کیلئے، پاکستانی قوم کو تقسیم کرنے کی بجائے اتحاد کو فروغ دینا چاہئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد شعبہ خواتین اسلام آباد کی صدر ورکن قومی اسمبلی ووفاقی پارلیمانی سیکرٹری تعلیم و پروفیشنل ٹریننگ وقومی ورثہ فرح ناز اکبر نے پاکستان کے اتحاد اور استحکام پر زور دیتے ہوئے لسانی وصوبائی تعصبات کو ملک کیلئے خطرہ قرار دیا، ملک دشمن عناصر سوشل میڈیا کے ذریعے پاکستان کے خلاف منظم سرگرمیاں انجام دے (بقیہ نمبر 67)

وزیراعظم کے مہنگائی کم ہونے کے دعوے مفروضوں پر مبنی ہیں، لیاقت بلوچ

بجلی، گیس، پٹرول، ڈیزل، گھی، خوردنی تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے وزیراعظم شہباز شریف کے مہنگائی کم ہونے کے دعوے پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ وزیراعظم کی جانب سے مہنگائی میں کمی کا اظہار مفروضوں پر مبنی ہیں کیا ملک میں بجلی گیس پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں کمی ہوگئی ہے؟ جبکہ دوسری جانب گھی خوردنی تیل دالوں سمیت اشیا خوردونوش کی قیمتوں میں تو مسلسل اضافہ ہوا (بقیہ نمبر 66)

پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر و شیر علی ارباب کی اپنی ہی پارٹی قیادت پر تنقید

ہمارے قائدین آج بھی سی ویز پکڑے اسٹیبلشمنٹ کو خوش کرنے کی کوشش کررہے ہیں، بات چیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما جنید اکبر اور شیر علی ارباب کی جانب سے اپنی ہی پارٹی قیادت پر تنقید کی گئی۔ ایک بیان میں جنید اکبر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت کے کچھ افراد 9 مئی کے بعد اور نہ ہی 24 نومبر کو کارکنوں کے ساتھ تھے۔ جنید اکبر کا کہنا ہے کہ یہ لوگ آج بھی اپنے سی ویز پکڑے اسٹیبلشمنٹ کو خوش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں (بقیہ نمبر 65)

ساہیوال (رانا محمد سعید) پاکستان منی مزدا ایسوسی ایشن نے محمد یوسف بلال اوڈھ راجپوت کو جوگی چوک سٹینڈ کا ساہیوال میں صدر بنادیا گیا ہے چیئرمین مہر اکرم، وائس چیئرمین طارق محمود، حاجی مصطفیٰ مغل نائب صدر، محمد حافظ حفیظ الرحمٰن مغل سینئر نائب صدر، وحید احمد گجر فنانس سیکرٹری اور محمد سجاد حسین مغل کو ایگزیکٹو ممبر بنادیا گیا ہے

اوورسیز کے قانونی مسائل کے حل کیلئے پنجاب بار اور پی ملکر کام کرینگے، بیرسٹر امجد ملک

جمہوریت کی مضبوطی، آئین وقانون کی سربلندی کیلئے وکلاء کا کردار ناقابل فراموش ہے، وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب

وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چودھری بابر وحید کی دعوت پر پنجاب بار کونسل کا دورہ، امجد ملک کو اعزازی شیلڈ بھی پیش کی گئی

لاہور (این این آئی) وائس چیئرپرسن اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک نے کہا ہے کہ جمہوریت کی مضبوطی اور آئین وقانون کی سربلندی کیلئے وکلاء کا کردار ناقابل فراموش ہے، اصلاحات، اوورسیز وکلاء اور اوورسیز شہریوں کے قانونی مسائل کے حل کیلئے پنجاب بار کونسل اور اوورسیز کمیشن مل کر کام کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل چودھری بابر وحید کی دعوت پر پنجاب بار کونسل کے دورہ کے موقع پر گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 64)

حیدرآباد، موسم سرما کی آمد کیساتھ ہی گیس کی لوڈشیڈنگ نے سراٹھالیا

حیدرآباد (آئی این پی) حیدرآباد میں موسم سرما کی آمد کے ساتھ ہی گیس کی لوڈشیڈنگ نے سراٹھالیا جس سے شہری پریشان ہیں۔ گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث طلبا، نوکری پیشہ افراد خواتین سمیت گیس کے ذریعے کاروبار کرنے والے تمام لوگ مشکلات سے دوچار ہیں۔ گرمیوں میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے ستائے عوام اب سردیوں کی آمد کے ساتھ ہی گیس کی لوڈشیڈنگ کے بھنور میں پھنس گئے ہیں لو پریشر اور دن میں چند گھنٹے ملنے والی گیس اب ناپید ہوتی جارہی ہے۔ حیدرآباد سٹی ، قاسم آباد یا (بقیہ نمبر 63)

کراچی، گھر میں سلنڈر کا دھماکہ، 6 افراد زخمی

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں ایک گھر میں سلنڈر کے دھماکے سے 6 افراد زخمی ہوگئے جنہیں اسپتال منتقل کردیا گیا۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق کراچی کے گبول ٹاؤن، شفیق کالونی میں گھر میں سلنڈر پھٹ گیا، دھماکہ عمارت کی پہلی منزل پر ہوا جس سے چھت کو نقصان پہنچا۔ ریسکیو ٹیم نے بتایا کہ سلنڈر کے دھماکے میں 6 افراد زخمی ہوئے جنہیں طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ واقعہ کے مطابق انچارج بم ڈسپوزل اسکواڈ عابد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گیس کی لائنیں پرانی ہیں،

تھانہ کورنگی پولیس کا ضیا کالونی لنک روڈ کے قریب ڈکیتوں سے مقابلہ، دو ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) تھانہ کورنگی پولیس کا ضیا کالونی لنک روڈ کے قریب ڈکیتوں سے مقابلہ ایس ایچ او تھانہ کورنگی عامر ملک اور انچارج غریب نواز پولیس چوکی دوران گشت ملزمان سے آمنا سامنا دو ملزمان شہری سے لوٹ مار میں مصروف تھے پولیس پارٹی کے پہنچنے پر ملزمان کی جانب سے پولیس پر فائرنگ پولیس کی جوابی فائرنگ دونوں ملزمان زخمی حالت میں گرفتار زخمی ملزمان کی شناخت پیرن خان اور تیمور (بقیہ نمبر 59)

لاہور، انسداد منشیات کے ٹارگٹڈ آپریشنز میں گرفتار ہونیوالے منشیات فروش

فیصل آباد، رسم حنا کے موقع پر ہوائی فائرنگ، آتش بازی اور ہلڑ بازی

دو بھائیوں سمیت 5 دوستوں کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا گیا، دولہا اور دیگر موقع سے فرار

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) سمن آباد کے علاقہ نواباں والا میں رسم حنا کے موقع پر ہوائی فائرنگ، آتش بازی اور ہلڑ بازی کرنے پر دو بھائیوں سمیت 5 دوستوں کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا جبکہ دولہا اور دیگر موقع سے فرار ہوگئے، سمن آباد پولیس نے دولہا سمیت دو درجن سے زائد افراد کیخلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی۔ آن لائن کے مطابق اے ایس آئی رانا مقصود عالم نے (بقیہ نمبر 62)

سعودی عرب میں 18 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار

غیر قانونی تارکین کو سہولت فراہم کرنے پر 31 افراد گرفتار ہوئے، کمیٹی کا بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی نے کہا ہے کہ 28 نومبر سے 4 دسمبر 2024 کے درمیان 18 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار کیا گیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی عرب میں غیر قانونی تارکین کے خلاف کام کرنے والی مشترکہ کمیٹی کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ مجموعی گرفتار تارکین میں سے (بقیہ نمبر 60)

مدارس رجسٹریشن بل بے وجہ لٹکایا ہوا ہے، مولانا عبدالماجد

امن کونسل کا حکومت پر مدارس رجسٹریشن بل پر دستخط کے معاملے کو فوری حل کرنے پر زور

کراچی (این این آئی) صوبائی صدر پاکستان امن کونسل سندھ، مہتمم مدرسہ تعلیم القرآن، امام وخطیب جامع مسجد الخلیل بھٹائی آباد گلستان جوہر مولانا عبد الماجد فاروقی نے کہا ہے کہ چونکہ مدارس رجسٹریشن بل کی دونوں ایوانوں سے منظوری ہوچکی ہے اس کے باوجود مدارس رجسٹریشن بل بے وجہ ایوان صدر میں لٹکایا ہوا ہے اور صدر پاکستان آصف علی زرداری بل پر دستخط نہیں کر رہے ہیں اس لیے (بقیہ نمبر 60)

راولپنڈی، پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام محدثین پوٹھوہار کانفرنس سے علامہ عطاء الرحمٰن خطاب کررہے ہیں

پھولنگر، زہریلی شراب پینے سے مرنیوالے افراد کی تعداد 10 ہوگئی

تین افراد کا تعلق نانگا منڈی سے ہے، ایک درخواست پر 3 نامزد، مقدمہ درج

[illegible]

آئی جی پنجاب پولیس شہداء کے اہل خانہ کی بہترین ویلفیئر کیلئے سرگرم عمل

فرض کی راہ میں جان قربان کرنے والے ایک اور پولیس جوان کی فیملی کو گھر دے دیا

[illegible] (بقیہ نمبر 38)

لاہور، حلوائی صبح کے وقت حلوہ پوری بنانے میں مصروف ہیں

قوم ہمت نہ ہارے، جدوجہد جاری رکھیں گے، مسرت جمشید چیمہ

جب آخری کارڈ دکھانے کی باری آئے گی اس وقت بھی قوم بھرپور ساتھ دے گی، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (سیاسی رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ قید و بند کی صعوبتوں کے باوجود عمران خان کے عزم و حوصلے کو دیکھ کر ملک وقوم کیلئے جاری جدوجہد کو مزید تقویت ملی ہے، عمران خان سے طویل عرصے بعد ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے اپنے اوپر ہونے والے مظالم کا ذکر نہیں کیا بلکہ وہ اپنے کارکنان کے بارے میں فکرمند تھے۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ عمران خان نے پیغام دیا ہے قوم ہمت نہ ہارے، ہم حق پر ہیں اور ان شاء اللہ جدوجہد بھی جاری رکھیں گے، شہداء کو انصاف دلانے کی ہر ممکن کوشش کریں گے، قوم نے پہلے بھی مجھے کبھی مایوس نہیں کیا اور جب آخری کارڈ دکھانے کی باری آئے گی تو اس وقت بھی قوم میرا بھرپور ساتھ دے گی

پنجاب بھر میں 1539 ٹریفک حادثات میں 16 افراد جاں بحق

ٹریفک حادثات کے کل 1671 متاثرین میں 1365 مرد اور 306 خواتین شامل ہیں

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1539 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 718 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 937 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ (بقیہ نمبر 44)

سوات میں گیس سلنڈر پھٹنے سے 2 بھائی جاں بحق

کراچی میں بھی گیس لیکیج کے باعث دھماکے میں 5 افراد زخمی ہوگئے

سوات، کراچی (بیورو رپورٹ) سوات کے علاقہ تندوڈاگ میں گیس سلنڈر پھٹنے سے دو کم عمر بھائی جاں بحق ہوگئے، جبکہ ایک شدید زخمی حالت میں اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق سوات پولیس اسٹیشن رحیم آباد کے حدود تندوڈاگ میں گیس سلینڈر پھٹنے کا واقعہ پیش آیا، واقعے میں بارہ سالہ سمیع اللہ، چار سالہ سلیمان دونوں بھائی جاں بحق اور ایک بچہ طفیل شدید زخمی (بقیہ نمبر 45)

کراچی، عمرے کی آڑ میں گداگری میں ملوث 3 خواتین مسافر گرفتار

گرفتار خواتین کے پاس واپسی کی ٹکٹ اور ہوٹل بکنگ موجود نہ تھی، ترجمان ایف آئی اے

کراچی (بیورو رپورٹ) ایف آئی اے امیگریشن نے کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے عمرے کی آڑ میں گداگری میں ملوث 3 خواتین مسافر کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق مسافر خواتین کی شناخت عروج فاطمہ، مریم نذیر اور جمیلہ بی بی کے نام سے ہوئی جنہوں نے عمرے کی آڑ میں گداگری کی غرض سے سعودی عرب جانے کی کوشش کی۔ مسافر خواتین کو امیگریشن (بقیہ نمبر 47)

حکمران ہماری شرافت کو کمزوری نہ سمجھیں: جے یو آئی

بل پر دستخط نہ کرنا بدنیتی ہے یہ جے یو آئی اور وفاق المدارس کا بل نہیں، تمام تنظیمات مدارس کا بل ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکمران ہماری شرافت کو کمزوری نہ سمجھیں، بل پر دستخط نہ کرنا بدنیتی ہے یہ جے یو آئی اور وفاق المدارس کا بل نہیں، تمام تنظیمات مدارس کا بل ہے، حکمران سن لیں مدارس کی رجسٹریشن کو سیاسی یا ذاتی مفادات کی بھینٹ چڑھانا نا (بقیہ نمبر 51)

افواج پاکستان قوم کے ماتھے کا جھومر ہے: امجد فاروق امجد

پاک فوج پاکستان کی ریڈ لائن، ملکی سلامتی، یکجہتی، ترقی وخوشحالی، دفاع اور تحفظ کی ضامن ہے

پاک فوج اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کررہی ہے: صدر پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن

لاہور (نیوز رپورٹر) پاکستان فیبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے صدر، افواج پاکستان لورز کونسل کے بانی چیئرمین اور سابق ممبر کنٹونمنٹ بورڈ شور کوٹ کینٹ امجد فاروق امجد نے کہا ہے کہ افواج پاکستان قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں، جذبہ ایمانی اور شہادت سے لیس پاک فوج کے آفیسر زاور جوان اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کررہے ہیں، شہیدوں اور غازیوں کی بے مثال قربانیوں کی بدولت ہی آج پوری پاکستانی قوم سکون کی نیند سوتی ہے، افواج پاکستان کو کمزور کرنا، پاکستان کو کمزور کرنے کے مترادف ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مقامی ہوٹل میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 52)

کیپ ٹاؤن، قومی ٹیم کے کھلاڑی کرد سیڈرز سپورٹس کلب میں ٹریننگ سیشن میں شریک ہیں

سعودی عرب کے 3 ارب ڈالر ڈیپازٹ کی مدت میں توسیع پر اظہار تشکر

معیشت میں سدھار، قرضوں سے نجات کیلئے میثاق معیشت، سیاسی استحکام ناگزیر ہے، صدر اشرف بھٹی

لاہور (آن لائن) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کیلئے 3 ارب ڈالر ڈیپازٹ میں ایک بار پھر توسیع کرنے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کڑے وقت میں ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے، حکومت معیشت کی بہتری کیلئے اصلاحات کے ساتھ مشکل فیصلے لے رہی ہے لیکن یہ اقدامات سیاسی استحکام کے بغیر نتیجہ خیز نہیں ہوسکتے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ سعودی عرب، چین اور متحدہ عرب امارات (بقیہ نمبر 57)

احمد یار، پولیس کا چھاپہ، بین الصوبائی منشیات فروش گرفتار

1 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 42 کلوگرام چرس، 18 کلوگرام افیون برآمد

احمد یار (این این آئی) تھانہ صدر پولیس کا چھاپہ بین الصوبائی منشیات فروش گرفتار ایک کروڑ روپے سے زائد مالیت کی 42 کلوگرام چرس اور 18 کلوگرام افیون برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 167/EB کے نزدیک تھانہ صدر پولیس نے مخبر کی اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی منشیات فروش اکرام ماچھی کو حراست میں لے کر 42 کلوگرام چرس اور 18 کلوگرام افیون برآمد کرلی ایس پی انویسٹیگیشن میڈم شاہدہ نورین نے میڈیا سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب عثمان انور کی خصوصی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کاروائیوں (بقیہ نمبر 58)

تمباکو صنعت کی چالاکیاں: عوام کو گمراہ کرنے کے حربے بے نقاب

پاکستان میں تمباکو کے مضر اثرات کے خلاف جدوجہد کو تیز کرنے کی ضرورت ہے، واصف نقوی

تمباکو کے خلاف سخت قوانین کا نفاذ کیا جائے، ڈاکٹر وسیم، ڈاکٹر سونی برازل اور دیگر کا خطاب

[illegible] مزید پیچیدہ ہوگئی ہے، کیونکہ تمباکو کی صنعت مختلف حربے استعمال کر کے عوامی رائے کو متاثر کررہی [illegible] کارپوریشن سمیت حکومتی اداروں کے ساتھ مل کران حربوں کو بے نقاب کیا ہے۔ یونیورسٹی آف باتھ کی [illegible] کہ تمباکو کو صنعت کی مداخلت کے خلاف زیادہ سخت قوانین کی ضرورت ہے۔

وطن عزیز کو بیرونی دشمن سے زیادہ اندرونی تخریبی عناصر سے خطرہ ہے، علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی

کرم پارہ چنار کے امن وامان کیلئے سنجیدگی سے اقدامات اٹھائے جائیں، شیعہ رہنماء

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلامی تحریک پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پارہ چنار کرم کے حالات پر ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس احسن اقدام تھا لیکن کس قدر اچھا ہوتا کہ کانفرنس کا بیانیہ مسائل کے حل بارے ہونا چاہئے تھا نہ کہ سیاسی نمبر گیم پر مشتمل، کرم پارہ چنار کے امن وامان کی خاطر تمام مذہبی اور سیاسی جماعتوں کی لیڈرشپ کو اپنے پارٹی، ذاتی مفادات اور اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے فیصلے لینا چاہئیں اور سب کی اولین ترجیح شدید مشکلات میں گھرے کرم کے عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا ہو، بڑی تعداد میں دہشت گرد ملک میں داخل ہونے کی اطلاعات ہیں، مضبوط ترین دفاعی نظام کے باوجود یہ سب کیسے ممکن ہوا ہے سمجھ سے بالاتر ہے، اس لیے ہم بار بار متوجہ کرتے رہے ہیں کہ وطن عزیز کو بیرونی دشمن سے زیادہ اندرونی تخریبی عناصر سے زیادہ خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملک کے تمام ذمہ داران اور غیر ذمہ داران کو متنبہ کرتے ہیں کہ اب بھی وقت ہے کہ مل بیٹھ کر کوئی ایسے مضبوط فیصلے لیے جائیں جن کی بدولت پاکستان کو اندر سے کمزور کرنے والی قوتوں سے محفوظ کیا جاسکے، یہ وقت کی اشد ضرورت بھی ہے اور دانشمندی کا تقاضا بھی، خداوند متعال کی جانب سے عطا کردہ عظیم وطن جیسی نعمت کی قدر ہم سب پر لازم ہے، جب تک ہم ملک کو درپیش مسائل کے ضمن میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کریں گے تو ان کا حل بھی نہیں کرسکیں گے، ہوش کے ناخن لیں اور مسائل پر سنجیدگی سے اقدامات اٹھائے جائیں، بیرونی دشمنوں یا ان کی سازشوں سے قطع نظر اگر دیکھا جائے تو ہمارے پورے سوشل سٹرکچر یا سماجی ڈھانچے میں مسائل ہیں جنہیں درست کیا جائے اس سے پہلے کہ مسائل سنگین شکل اختیار کریں۔

اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی بڑی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا

اسلام آباد (ساجد جتوئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی بڑی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں سید یوسف رضا گیلانی نے مرحومہ کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور اہل خانہ کو یہ صدمہ صبر اور حوصلے سے برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اظہار تعزیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کی بڑی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے غمزدہ خاندان کے ساتھ دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور بلندی درجات کی دعا کی۔

احتجاج احتجاج احتجاج

ہم بلوچ پوری قوم ایس ایس پی سکھر امجد شیخ کے اس بہیمانہ قتل اور ظلم وستم کے خلاف سراپائے احتجاج ہیں اور حکومت سندھ اور حکومت پاکستان سے بھرپور احتجاج کے ساتھ اپیل کرتے ہیں اس ظلم کرنے والے سرکاری ملازمین کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے اور جن جن کے خلاف جرم ثابت ہوا ان کو قرار واقعی سزا دی جائے اور مقتولین کے ورثاء کو انصاف فراہم کرتے ہوئے ان کی دادرسی کی جائے

منجانب مرکزی وائس چیئرمین بلوچ فاؤنڈیشن پاکستان ساہیوال پنجاب پاکستان

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق نہایت فرض شناس قابل اور محنتی پولیس آفیسر ہیں

ڈسکہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق صاحب نہایت فرض شناس قابل اور محنتی پولیس آفیسر ہیں انہوں نے اپنے عہدے پر فا؟ز ہونے کے بعد جرائم پیشہ عناصروں کو لگام ڈال دی ضلع میں عوام سکھ کا سانس لینے لگی ڈی پی او رانا عمر فاروق صاحب محکمہ پنجاب پولیس کے ہونہار نڈر اور بہادر پولیس آفیسر ثابت ہوئے ہیں جو ضلع بھر کو جرائم پیشہ عناصر اور مافیاز سے صاف کرنے کے لیے انتھک کوشش کررہے ہیں محکمہ پنجاب پولیس کے ماتھے کا جھومر ڈی پی او رانا عمر فاروق صاحب انسانیت اور عوام کی خدمت کے لئے دن رات کوشاں ہیں جو کہ ایک زندہ روشن مثال ہیں جرائم پیشہ عناصر اور سماج دشمن عناصروں کے لیے خوف کی علامت ہیں میرٹ کرنے والا غیر جانبدار آفیسر ہے جنہوں نے اپنی تعیناتی کے دوران علاقہ بھر سے جرائم پیشہ عناصروں کو علاقہ بدر ہونے پر مجبور کر دیا ہے جرائم پیشہ عناصروں کیلیے خوف کی علامت اور مظلوموں کے لیے رحم دل ہیں اس حوالے سے مقامی افراد کا کہنا ہے کہ جب سے جناب رانا عمر فاروق صاحب نے بطور ڈی پی او چارج سنبھالا ہے ضلع بھر کے تھانوں کی زیر نگرانی کرنا اور کھلی کچہری لگا کر عوام کی درخواستیں سن کر فوری عمل کرنا ان کی اولین ترجیح ہے میڈیا رپورٹ کے مطابق جرائم میں بہت حد تک کمی دیکھنے میں آئی ہے اہل علاقہ کا مزید کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق کے ہم بے حد مشکور ہیں

لاہور، ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف پولیس ان ایکشن ہوگئی

لاہور (بیورو رپورٹ) ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف پولیس ان ایکشن ہوگئی۔ ایس ایچ او جوہر ٹاؤن مستنصر ہنجرا کی پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے دوران پٹرولنگ مشہور بدنام زمانہ منشیات فروش اعجاز احمد منشیات سمیت گرفتار کرلیا

خیر پور، خیر پور کی ڈبر محلا کی دی شاہین اکیڈمی میں سندھی ثقافتی تقریب منعقد ہوئی

تعلقہ ایجوکیشن افسر معروف تعلیم دان استاد اللہ بچایو خاصخیلی ایجوکیشن بائیومیٹرک اڈٹ افسر شفیق احمد جتوئی تقریب میں مہمان خصوصی تھے

خیر پور (رپورٹ سلیم رضا شیخ) خیر پور کی ڈبر محلا کی دی شاہین اکیڈمی میں سندھی ثقافتی تقریب منعقد ہوئی تعلقہ ایجوکیشن افسر معروف تعلیمدان استاد اللہ بچایو خاصخیلی ایجوکیشن بائیومیٹرک اڈٹ افسر شفیق احمد جتوئی سماجی رہنما سید فائق علی شاہ خیر پور چلڈرین اکیڈمی کے ایڈمسٹریٹر عارف بابر جتوئی سینئر صحافی وٹی وی ریڈیو براڈ کاسٹر سلیم رضا شیخ اور اسامہ تقریب میں مہمان خصوصی تھے جبکہ اکیڈمی کے ایڈمنسٹریٹر استاد انور جتوئی اور پرنسپل میڈم یاسمین جتوئی نے تمام مہمانوں کو ثقافتی اجرک کے تحفے پیش کی؟ اور استقبالیہ خطاب کرتے ہوئے تمام شرکاء کو خوش آمدید کیا تقریب میں تمام بچے ثقافتی لباس پہنکر شریک ہوئے اور سندھی ثقافتی اور معلوماتی تقاریر اور ٹیبلوز بھی پیش کیئے اور خوب داد حاصل کی اس موقعے پر TEO استاد اللہ بچایو عارف بابر جتوئی اور دیگر نے اپنی تقریروں میں کہا کہ بچوں کے لے نصابی سرگرمیوں کے ساتھ غیر نصابی سرگرمیاں بھی انتہائی ضروری ہیں اور سندھ کی ثقافت ھزاروں سال پرانی ہے اور سندھ کی ثقافت پر مبنی معلوماتی پروگرام تمام سرکاری ونجی اسکولوں میں کرائے جائیں تاکہ مستقبل کے معمار بچوں کو بھی سندھ کی تاریخی اور قدیمی ثقافت کے حوالے سے تحقیقی معلومات مل سکے اخر میں ثقافتی تقاریر اور ٹیبلوز پیش کرنے والے بچوں کو ایوارڈ بھی دیئے گے

واپڈا اسیپکو کے لائین مین نثار چنہ اور ایس ڈی او محمد عذیر پٹان و دیگر کے مبینہ کنڈا کنکشن بجلی میٹر صارفین کیلئے عذاب بن گیا

جس کی شکایات پر لائین مین نثار چنہ اور ایس ڈی او نے کچھ روز قبل سخت نتائج بھگتنی کی دھمکیاں دیں

خیر پور (رپورٹ) شاہ فہد کالونی کے رہائشی آبپاشی ڈپارٹمنٹ کے ملازم سعید فلپوٹو نے واپڈا سیپکو کے عملداروں کی مبینہ زیادتیوں کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے کہا کہ واپڈا اسیپکو کے لائین مین نثار چنہ اور ایس ڈی او محمد عذیر پٹان و دیگر کے مبینہ کنڈا کنکشن بجلی میٹر صارفین کیلئے عذاب بن گیا ہے، جس کی شکایات پر لائین مین نثار چنہ اور ایس ڈی او نے کچھ روز قبل سخت نتائج بھگتنی کی دھمکیاں دیں تھے، جس کے بعد 4 دسمبر دن دھاڑی میری گھر کا بجلی والا میٹر نثار چنہ و دیگر نے چوری کرلیا ہے، جبکہ میں آفیس اپنے کام پر تھا، میٹر چوری کی درخواست لیکر سیپکو آفیس گیا تو ایس ڈی او اور سیپکو عملی نے بداخلاقی کے اور برھمی کا اظہار کیا، بجلی میٹر چوری ہونے کی باعث گھر کی بجلی بند ہے، فیملی سمیت مشکلات کا سامنا کرنا مجبوری بن گیا ہے، سعید فلپوٹو نے مذید کہا کہ اندھیر نگری چربٹ راجا کا قانون نافذ کیا گیا ہے، بجلی کی سری عام چوری ہورہے ہے، واپڈا اسیپکو عملدار بجلی چوری میں ملوث ہیں، ان کیخلاف کوئی بھی ادارہ کاروائی کرنے کیلیے تیار نہیں الٹا بجلی میٹر صارفین کو مختلف طریقون سے حراساں کیا جارہاہے، سعید فلپوٹو نے کہا کہ اب تو سیپکو عملدار جان لینے اور جھوٹی مقدمات میں پھنسانے کی دھمکیاں دینے لگی ہیں، انہوں نے مطالبہ کیا کہ معاملی کا نوٹیس لیکر انصاف اور تحفظ فراہم کیا جائے، اور لائین مین ایس ڈی او کی زیادتیوں کا نوٹیس لیکر ان کیخلاف بلاتفریق کاروائی کی جائے،

کراچی، سماجی تنظیم مہران گوٹھ ویلفیئر ایسوسی ایشن اور مہران پبلک اسکول کی جانب سے سندھی ثقافت کا دن جوش اور جزبے سے منایا گیا

تقریب میں قوم پرست رہنما نورالدین جمالی، جمن تنیو۔ علی محمد بروہی۔ منصور ڈنور۔ اور دیگر نے شرکت کی

کراچی (فدا حسین پنہور) کراچی کے علاقعے کیاماڑی میں سماجی تنظیم مہران گوٹھ ویلفیئر ایسوسی ایشن اور مہران پبلک اسکول کی جانب سے سندھی ثقافت کا دن جوش اور جزبے سے منایا گیا، تقریب میں قوم پرست رہنما نورالدین جمالی، جمن تنیو۔ علی محمد بروہی۔ منصور ڈنور۔ اور دیگر نے شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے نورالدین جمالی۔ جمن تنیو اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئیکہا کے سندہ کی ثقافت بہت پرانی ہے وہ سندھی میڈیا کے مشکور ہیں۔ جنہوں نے ایک ساتھ سندہی ثقافت کا دن منایا ان کا کہنا تھا کہ دریائے سندھ سے نکلنے والی غیر قانونی نہروں کو قبول نہی کرینگے سندھ دریا ہماری شہ رگ ہے وفاق کو اپنا فیصلا واپس لینا ہوگا تقریب میں تقریری مقابلے اور ثقافتی ٹیبلوز پیش کیے گئے مقابلے میں غلام مصطفیٰ نے پہلی، علی حیدر نے دوسری اور اقصیٰ نے تیسری پوزیشن حاصل کی جبکہ سندھ کے نامور فنکاروں حنیف لاشاری، باری ابڑو اور دیگر نے گیت سنا کر محفل کو چار چاند لگا دیئے محفل رات گئے تک جاری رہی۔

حاصل پور، سردار ناصر خان بلوچ کے بھائی گزشتہ دنوں فوت ہوگئے

حاصل پور (بیورو چیف سعید احمد بلوچ) اظہار تعزیت سردار ناصر خان بلوچ کا بھائی جو گزشتہ دنوں فوت ہوگئے تھے ان کی فاتحہ خوانی کے لئے ریٹائرڈ ایڈیشنل آئی جی پنجاب میجر فتح شیر خان جوئیہ کی ان کی رہائش گاہ پر آمد ملک محمد اصغر سردار ذوالفقار خان بلوچ سردار فخر خان بلوچ محمد عمران خان بلوچ سعید احمد خان بلوچ نے فاتحہ خوانی کی اور ان کے بھائی کے لئے درجات بلند اور دعائے مغفرت کی کہ اللہ پاک ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے ان کی بخشش ومغفرت فرمائے اور ان تمام لواحقین کو اللہ پاک صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351